Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 17 | منگل ، 21 جولائی 2026ء ، 6 صفر المظفر 1448ھ ، قیمت 20 روپے | شمارہ 95

وزیر اعلیٰ کا منفرد ویٹرنری اقدام
پنجاب ہیلتھ کنیکٹ پروگرام شروع

بہترین غیر ملکی سپیشلسٹ ڈاکٹر پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں مفت علاج کریں گے، صوبے کے سرکاری ہسپتالوں میں بین الاقوامی معیار کی طبی سہولیات فراہم کرنا عزم ہے

پنجاب میں ہیلتھ کا نظام عالمی معیار کے مطابق کیا جا رہا ہے، پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں سپیشلسٹ ڈاکٹروں کی کمی کو ہیلتھ کنیکٹ پروگرام کے تحت طبی مہارت فراہم کر رہا ہے ہیں: مریم نواز شریف

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف پاکستان ریلوے ٹرانسفارمیشن پلان کے نفاذ سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے منفرد ویٹرنری اقدام کے تحت پنجاب ہیلتھ کنیکٹ پروگرام شروع کر دیا ہے۔ بہترین غیر ملکی سپیشلسٹ ڈاکٹر پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں مفت علاج کریں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب ہیلتھ کنیکٹ پروگرام کا آغاز کر دیا۔ پنجاب ہیلتھ کنیکٹ پروگرام کے تحت پاکستانی نژاد اور غیر ملکی ڈاکٹرز اور سرجنز سرکاری ہسپتالوں (بقیہ نمبر 34)

نورین نیازی کا بیان قابل مذمت، قومی اداروں پر سیاست نہ کی جائے

سستی شہرت اور چند ووٹوں کی خاطر ایسے بیان کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے

عاصم منیر نے پاکستان کا مورال بلند کیا، بعض عناصر اس حقیقت کو قبول نہیں کر پا رہے، گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے بانی پی ٹی آئی کی بہن کی جانب سے معرکہ حق اور پاک فوج سے متعلق دیئے گئے بیان کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ قومی اداروں پر سیاست سے گریز کیا جانا چاہیے۔ اپنے بیان میں (بقیہ نمبر 35)

آسمانی بجلی گرنے سے چھت منہدم، 2 بچے جاں بحق

واقعے کے بعد امدادی کارروائیاں مکمل، زخمی ہسپتال منتقل، جاں بحق ہونے والوں میں 2 سالہ محمد حسین اور 1 سالہ زنیرہ شامل

رستم (این این آئی) رستم کے علاقے عرفان نگر میں آسمانی بجلی گرنے سے گھر کے ایک کمرے کی چھت منہدم ہوگئی جس کے نتیجے میں ملبے تلے دب کر دو کمسن بچے جاں بحق ہوگئے جبکہ ماں اور ایک بیٹی شدید زخمی ہو (بقیہ نمبر 38)

ٹوکن ٹیکس ڈیفالٹرز کے گرد گھیرا تنگ، جرمانے سمیت وصولی کا فیصلہ

گاڑیوں کی ماہانہ اقساط کے ساتھ ٹوکن ٹیکس بھی وصول کریں، لیز پر گاڑیاں دینے والے بینکوں، کمپنیوں کو مراسلہ

لاہور (این این آئی) رواں مالی سال کے دوران موٹر وہیکل ٹوکن ٹیکس کی مد میں 42 ارب روپے وصول کرنے کے ہدف کے تحت ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن حکام نے نادہندگان کے خلاف اقدامات تیز کر دیئے ہیں۔ ڈائریکٹر (بقیہ نمبر 37)

سیلابی خطرات، پی ڈی ایم اے نے ہائی الرٹ جاری کر دیا

چناب کے خانکی اور قادر آباد کے مقامات پر نچلے درجے کی سیلابی صورتحال برقرار

لاہور (این این آئی) پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے کہا ہے کہ صوبے کے بیشتر دریاؤں میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے تاہم دریائے چناب کے خانکی اور قادر آباد کے مقامات پر نچلے درجے کی سیلابی صورتحال (بقیہ نمبر 36)

مشینری اور آلات کی خریداری پر عائد پابندی بھی برقرار، فیصلے پر عمل درآمد کیلئے وزارت خزانہ کو مراسلہ ارسال

کفایت شعاری پالیسی جاری

نئی ہدایات کے تحت گزشتہ تین برس سے خالی پڑی تمام سرکاری آسامیاں ختم کر دی جائیں گی، جبکہ نئی آسامیوں کی تخلیق پر عائد پابندی بھی برقرار رہے گی

اسلام آباد (این ای این) وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات میں مزید کمی لانے اور مالی نظم و ضبط برقرار رکھنے کے لیے کفایت شعاری پالیسی کو ایک اور سال جاری رکھنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ اس فیصلے کے تحت متعدد پابندیاں بدستور برقرار رہیں گی تاکہ غیر ضروری سرکاری اخراجات پر قابو پایا جا سکے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی کابینہ نے رواں مالی سال کے دوران کفایت شعاری اقدامات برقرار رکھنے کی منظوری دے دی ہے، جس کے بعد کابینہ ڈویژن (بقیہ نمبر 47)

اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف کینیڈا سے پاکستان میں کینولا کی درآمد کو کنٹرول کرنے والے فائٹوسینٹری ریگولیشنز کے پروٹوکول پر دستخط کرتے ہوئے دیکھ رہے ہیں

سرگودھا، کمشنر کی عمرہ پر روانگی پر ڈپٹی کمشنر کو کمشنر کا اضافی چارج دیدیا گیا

سرگودھا (این این آئی) کمشنر کی عمرہ پر روانگی پر ڈپٹی کمشنر کو کمشنر کا اضافی چارج دے دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کمشنر سرگودھا حافظ شوکت علی عمرہ کی ادائیگی کے (بقیہ نمبر 40)

چیف جسٹس کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن کا اجلاس

سندھ ہائیکورٹ میں تین ایڈیشنل ججوں کی تقرری کی منظوری دے دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کی زیر صدارت جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کے اجلاس میں سندھ ہائیکورٹ میں تین ایڈیشنل ججوں کی تقرری کی منظوری دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج (بقیہ نمبر 39)

پی ٹی اے کا سم کے اجراء کیلئے نیا نظام متعارف کرانے پر غور

فنگر پرنٹس کی تصدیق میں مشکلات کا سامنا کرنے والے صارفین کی پاک آئی ڈی ایپ سے چہرے کی شناخت کی جائیگی

پاک آئی ڈی ایپ کے ذریعے فنگر پرنٹس اور چہرے، دونوں کی بائیومیٹرک تصدیق کی اجازت دی جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے فنگر پرنٹس کی تصدیق میں پیش آنے والے مسائل کے حل کے لیے نادرا کی پاک آئی ڈی ایپ کے ذریعے چہرے کی شناخت پر مبنی تصدیقی نظام متعارف کرانے پر غور شروع کر دیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی ایک ایسے نئے طریقہ کار پر کام کر رہی ہے جس کے تحت ان افراد کو سم کارڈ کے حصول میں سہولت دی جا سکے گی (بقیہ نمبر 41)

سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل لکشمی چوک کا دورہ کر رہے ہیں، کمشنر لاہور نعمان یوسف اور ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) علی اعجاز بھی ہمراہ ہیں

اسحاق ڈار نے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کے اعزاز میں ظہرانہ دیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کے اعزاز میں ظہرانہ دیا۔ پیر کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق ظہرانے میں وفاقی وزراء اور پاکستان و کینیڈا کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات (بقیہ نمبر 42)

بارانی زرعی یونیورسٹی کے سولرائزیشن منصوبے کا افتتاح

حکومتِ پنجاب، بالخصوص محکمہ زراعت پنجاب، صوبے کی زرعی جامعات کی ہر ممکن سرپرستی جاری رکھے گا، وزیر زراعت

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے یونیورسٹی کی مجموعی کارکردگی، جاری منصوبوں اور مستقبل کے ترقیاتی وژن پر ایک جامع بریفنگ دی

راولپنڈی (این ای این) وزیر زراعت پنجاب سید محمد عاشق حسین کرمانی نے سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کے ہمراہ پیر مہر علی شاہ بارانی زرعی یونیورسٹی راولپنڈی میں جدید شمسی توانائی (سولرائزیشن) منصوبے کا افتتاح کیا۔ اس منصوبے کو انھوں نے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں قابلِ تجدید توانائی کے فروغ، ماحولیاتی تحفظ اور توانائی کے مؤثر استعمال کی جانب ایک اہم سنگِ میل قرار دیا۔ انہوں (بقیہ نمبر 5)

سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کمرشل مارکیٹ راولپنڈی کے دورہ کے موقع پر عوامی جلسے سے خطاب کر رہی ہیں

مسلم لیگ (ن) کے قائدین کا کمرشل مارکیٹ راولپنڈی کا دورہ

بیوٹیفکیشن منصوبے کی تکمیل پر پرتپاک استقبال، طاہرہ اورنگزیب، حنیف عباسی اور مریم اورنگزیب نے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

شہریوں نے وزیر اعلیٰ مریم نواز کے اقدامات کو سراہا، حکومت نے عوامی سہولت اور تجارتی مفادات کے درمیان بہترین توازن قائم کیا ہے

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر قائدین نے راولپنڈی کی کمرشل مارکیٹ کا دورہ کیا اور بیوٹیفکیشن منصوبے کی تکمیل کے بعد مختلف علاقوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر عوام اور تاجروں نے مسلم لیگ (ن) کے قائدین کا والہانہ استقبال کیا، گل پاشی کی اور ''مریم نواز زندہ باد''، ''نواز شریف زندہ باد'' اور ''وزیر اعظم شہباز شریف زندہ باد'' کے فلک شگاف نعرے لگائے۔ دورے میں سینئر پارلیمنٹیرین طاہرہ اورنگزیب، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور سینئر صوبائی وزیر پنجاب (بقیہ نمبر 4)

اسحاق ڈار سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند کی ملاقات

دونوں رہنماؤں نے باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے ملاقات کی۔ پیر کو وزارت خارجہ سے جاری بیان کے (بقیہ نمبر 52)

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند ملاقات کر رہی ہیں

برسبین آسٹریلیا میں پاکستانی ثقافت کے رنگ بکھر گئے

سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے اوورسیز پاکستانیوں، سکھ برادری کو پاکستان آنے کی دعوت دیدی

لاہور (این این آئی) آسٹریلیا کے شہر برسبین میں منعقدہ مینگو ملٹی کلچرل میلہ پاکستانی ثقافت، بین الثقافتی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کا شاندار مظہر بن گیا، جہاں پنجاب کے صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ (بقیہ نمبر 53)

تحریک لبیک کو انتخابی نشان کیلئے نااہل قرار دیدیا گیا

الیکشن کمیشن نے تحریک لبیک پاکستان سے انتخابی نشان کرین واپس لے لیا، 7 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ سنا دیا

ٹی ایل پی الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 209 کے تقاضے پورے نہ کر سکی، ٹی ایل پی انٹرا پارٹی انتخابات سے متعلق دستاویزات کمیشن نے مسترد کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے تحریک لبیک انٹرا پارٹی انتخابات کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے تحریک لبیک کو انتخابی نشان کیلئے نااہل قرار دیدیا۔ الیکشن کمیشن نے 7 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ سنایا۔ فیصلے میں الیکشن کمیشن نے تحریک لبیک کو انتخابی نشان کیلئے نااہل قرار دیدیا الیکشن کمیشن نے تحریک لبیک پاکستان سے انتخابی نشان کرین واپس لے لیا۔ ٹی ایل پی انٹرا پارٹی انتخابات سے (بقیہ نمبر 43)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آف فیصل مسعود بائیومیڈیکل سائنسز میں جدید بی ایس ایل لیول تھری کا افتتاح کر رہے ہیں

عمران خان سے ملاقاتوں کا کیس: جیل انتظامیہ سے ریکارڈ طلب

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان سے جیل میں ہونے والی ملاقاتوں کے حوالے سے دائر کیس میں جیل انتظامیہ سے ملاقاتوں کا مکمل ریکارڈ اور جامع رپورٹ طلب کر لیا۔ عدالت عظمیٰ نے اڈیالہ جیل کی انتظامیہ کو 3 ہفتوں (بقیہ نمبر 44)

باجوڑ: مقامی افراد نے خونخوار تیندوے کو مار ڈالا

پشاور (آئی آئی پی) باجوڑ میں مقامی افراد نے ان کے جانوروں کو مار کر کھا جانے والے تیندوے کو جان سے مار دیا جس پر محکمہ جنگلی حیات سختی سے نوٹس لے لیا۔ محکمہ جنگلی حیات خیبر پختونخوا نے ضلع باجوڑ کے سرحدی علاقے سپرے، مندوگئی، تحصیل (بقیہ نمبر 45)

چینی اعلیٰ سطحی تجارتی وفد کا ایف پی سی سی آئی ریجنل آفس لاہور کا دورہ

کاروباری برادری کے ساتھ خصوصی انٹرایکٹو سیشن اور بی ٹو بی ملاقاتوں کا انعقاد

لاہور (این این آئی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عاطف اکرام شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کی دیرینہ دوستی اب صنعتی، تجارتی اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں نئے امکانات پیدا کر رہی ہے، بزنس (بقیہ نمبر 46)

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

راولپنڈی امن و امان کا قیام ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

ضلعی امن کمیٹی کے ممبران کی تجاویز اور رہنمائی کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا، سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور سٹی پولیس آفیسر (سی پی او) راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا کی مشترکہ صدارت میں ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس ڈی سی کمپلیکس راولپنڈی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ملیحہ سحر، ضلعی امن کمیٹی کے ممبران، متعلقہ محکموں کے افسران اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع راولپنڈی میں امن و امان کی مجموعی صورتحال اور بالخصوص چہلم حضرت امام حسینؓ کے موقع پر سیکیورٹی، جلوسوں اور مجالس کے انتظامات، ٹریفک (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی: ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ ناصر ندیم اور سی پی او حسن مشتاق سکھیرا کا ضلعی امن کمیٹی کے ممبران کے ساتھ گروپ فوٹو

ٹائر شاپ پر مبینہ ڈکیتی کی واردات، مسلح ملزمان نقدی لوٹ کر فرار

چکوال (این این آئی) راولپنڈی روڈ پر بھکوی کے قریب ٹائر شاپ پر مبینہ ڈکیتی کی واردات، مسلح ملزمان نقدی لوٹ کر فرار ہو گیا۔ گزشتہ شب 8:45 بجے کے قریب گرے رنگ کی ہنڈا سوک کار میں سوار ملزمان نے شاپ پر موجود نوجوان کو قریب بلا کر پستول تان لیا اور جیب میں موجود تمام نقدی چھین لی۔ متاثرہ نوجوان کے مطابق ملزمان واردات (بقیہ نمبر 54)

سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی کے ہمراہ کمرشل مارکیٹ راولپنڈی کے دورہ کے موقع پر عوامی نعروں کا جواب دے رہی ہیں

مختلف شاہراؤں پر سفر کرنے والوں کیلئے اہم ٹریفک ایڈوائزری جاری

موٹروے پولیس کا بعض مقامات پر مسافر بردار گاڑیوں کے داخلے پر عارضی پابندی

لاہور (این این آئی) موٹروے پولیس نے مختلف شاہراہوں پر سفر کرنے والے شہریوں کے لیے اہم ٹریفک ایڈوائزری جاری کرتے ہوئے بعض مقامات پر مسافر بردار گاڑیوں کے داخلے پر عارضی پابندی اور ٹریفک کا رخ موڑنے کا اعلان کیا ہے۔ ترجمان (بقیہ نمبر 48)

حفظ مراتب میں مجوزہ ترامیم کیلئے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل

کمیٹی 14 دن میں وزیر اعظم کو رپورٹ پیش کرے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم نے حفظ مراتب (وارنٹ آف پریسیڈنس) میں مجوزہ ترامیم پر تفصیلی غور و خوض کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی تشکیل دیدی ہے اس کمیٹی کو بنیادی طور پر یہ مینڈیٹ تفویض کیا گیا ہے کہ وہ وارنٹ آف پریسیڈنس کی موجودہ (بقیہ نمبر 49)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین ہاتھی چوک پر نکاسی آب کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

موسلا دھار بارش کے باعث موسم خوشگوار ہو گیا، بجلی کا ترسیلی نظام متاثر

بارش سے نشیبی علاقوں میں پانی کھڑا ہو گیا، ٹریفک بھی سست روی کا شکار رہی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں موسلا دھار بارش کے باعث موسم خوشگوار ہو گیا، بارش کے باعث کئی علاقوں میں بجلی کا ترسیلی نظام متاثر ہونے سے گھنٹوں بجلی بند رہی، بارش کے باعث نشیبی علاقوں میں پانی کھڑا ہو گیا جبکہ شاہراہوں پر ٹریفک (بقیہ نمبر 50)

اینٹی کرپشن نے میو ہسپتال کے ایم ایس کو حراست میں لے لیا

طلبی کے باوجود پیش نہ ہونے پر کارروائی کی گئی، وائرل ویڈیو پر تحقیقات جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ اینٹی کرپشن پنجاب نے میو ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر مدبر ریحان کو اپنی تحویل میں لے لیا۔ ترجمان اینٹی کرپشن کے مطابق میو ہسپتال کے ایم ایس کے خلاف کارروائی ڈاکٹر احمد کمال کی جانب سے دائر درخواست کی بنیاد پر کی گئی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ میو ہسپتال میں مبینہ کرپشن سے متعلق ایک (بقیہ نمبر 51)

ڈی سی راولپنڈی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اجلاس

کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے اجلاس میں ضلع بھر میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا

ضلع راولپنڈی میں تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت، اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ)، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع بھر میں جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر تیز رفتار عملدرآمد کے لیے متعدد اہم فیصلے کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے راولپنڈی کے زچہ و بچہ ہسپتال سے متعلق فوری رپورٹ طلب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ (بقیہ نمبر 3)

جوتوں کی سپلائی پر سیلز ٹیکس کے نفاذ کا طریق کار واضح کر دیا گیا

اب سیلز ٹیکس کا اطلاق ریٹیل قیمت کی بنیاد پر کیا جائے گا' ایف بی آر

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے جوتوں کی سپلائی پر سیلز ٹیکس کے نفاذ کا طریقہ کار باقاعدہ طور پر واضح کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ اب سیلز ٹیکس کا اطلاق ریٹیل قیمت کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ ایف بی آر نے پاکستان فٹ ویئر ایسوسی ایشن کی جانب سے اٹھائے گئے تحفظات کے بعد اس حوالے سے ایک وضاحتی جنرل آرڈر جاری کیا ہے۔ جنرل (بقیہ نمبر 55)

امریکا ایران کشیدگی، تیل کی قیمتوں میں 3 فیصد سے زائد اضافہ

نیویارک (آئی آئی پی) امریکا اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی اور آبنائے ہرمز کے ذریعے توانائی کی ترسیل میں شدید خلل کے باعث عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں ایشیائی ٹریڈنگ کے (بقیہ نمبر 56)

کمشنر راولپنڈی کا زیر تعمیر چلڈرن ہسپتال کا تفصیلی دورہ

وزیر اعلیٰ مریم نواز کے صحت مند پنجاب ویژن کے تحت راولپنڈی میں جدید چلڈرن ہسپتال کا قیام ایک نہایت اہم منصوبہ ہے

تمام فلورز پر استعمال ہونے والی ٹائلز کا معیار بہترین ہونا چاہیے اور کسی بھی قسم کے ناقص میٹریل کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے اصغر مال روڈ پر زیر تعمیر چلڈرن ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر متعلقہ محکموں کے افسران، تعمیراتی کمپنی کے نمائندگان، محکمہ صحت، محکمہ بلڈنگز، سی اینڈ ڈبلیو اور دیگر متعلقہ اداروں کے افسران بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔ کمشنر سلمان غنی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صحت مند پنجاب ویژن کے تحت راولپنڈی میں جدید چلڈرن ہسپتال کا قیام ایک نہایت اہم منصوبہ ہے، جس سے نہ صرف راولپنڈی بلکہ پورے ڈویژن کے بچوں کو معیاری اور جدید طبی سہولیات میسر آئیں گی (بقیہ نمبر 2)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے ڈیپارٹمنٹ آف فیصل مسعود بائیومیڈیکل سائنسز میں جدید بی ایس ایل لیول تھری کا افتتاح کے بعد بریفنگ لے رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

530 ارب کے فون

پاکستان میں موبائل فون کی بڑھتی درآمدات ایسا معاشی چیلنج بنتی جا رہی ہیں جس پر سنجیدگی سے توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق مالی سال 26ء کے دوران 530 ارب 49 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے موبائل فون درآمد کیے گئے' جو گزشتہ سال کے 416 ارب 94 کروڑ کے مقابلے میں 27 فیصد زائد ہیں۔ ایسے وقت میں جب تجارتی خسارے کو قابو میں رکھنے کیلئے ہر ممکن کوشش کی جا رہی ہے' تقریباً ایک ارب 90 کروڑ ڈالر کا قیمتی زرمبادلہ موبائل فونوں کی درآمدات پر صرف کرنا اس بات کا متقاضی ہے کہ ہم اپنی درآمدی ترجیحات پر نظرِ ثانی کریں۔ درآمدات پر انحصار کم کرنے کیلئے ٹیکس کی شرح بڑھانا یا پابندیاں لگانا ہی کافی نہیں بلکہ اس کیلئے ایک طویل مدتی حکمتِ عملی کی ضرورت ہے۔

گزشتہ سال (جنوری تا نومبر) ملک میں تقریباً دو کروڑ 76 لاکھ موبائل یونٹ تیار یا اسمبل کیے گئے' اس استعداد کو مزید بڑھانے کی ضرورت ہے۔ علاوہ ازیں ملکی سطح پر تیار ہونے والے فونز کی قیمت کم اور معیار بین الاقوامی سطح کا بنانے کیلئے سمارٹ فونز کی پروڈکشن میں جدت ناگزیر ہے۔ تکنیکی تربیت کے پروگراموں سے مقامی افرادی قوت کو اس شعبے کیلئے تیار کیا جا سکتا ہے۔ حکومت' نجی شعبے اور ٹیکنالوجی کمپنیوں کے درمیان اشتراک ہی وہ راستہ ہے جس سے ہم اس بھاری درآمدی بوجھ کو ڈیجیٹل برآمدات میں منتقل کر سکتے ہیں۔

رات بارہ بجتے ہی گوجر خان اندھیرے میں ڈوب جاتا ہے آخر عوام کا جرم کیا ہے؟

برملا خلاصہ
قمر شہزاد مغل
Mughalqamar655@gmail.com

تحصیل گوجر خان میں ایک طویل عرصے سے روزانہ رات بارہ بجتے ہی بجلی کی بندش نے عوام کی زندگی عذاب بنا دی ہے۔ شدید حبس اور گرمی میں معصوم بچے بلکتے ہیں، بزرگ بے بسی سے پسینہ بہاتے ہیں، مریض ساری رات تڑپتے ہیں اور محنت کش طبقہ، جو دن بھر روزی روٹی کے لیے مشقت کرتا ہے، رات کو بھی سکون کی ایک سانس لینے سے محروم رہتا ہے۔ یہ صرف لوڈشیڈنگ نہیں، بلکہ عام شہری کے بنیادی حقِ زندگی اور سکون پر کاری ضرب ہے۔ المیہ یہ ہے کہ عوام سے بجلی کے بھاری بھرکم بل، فیول ایڈجسٹمنٹ، سرچارجز اور نت نئے ٹیکس تو ایک لمحے کی تاخیر کے بغیر وصول کیے جاتے ہیں، لیکن جب عوام کو ان کا بنیادی حق دینے کی باری آتی ہے تو پورا نظام خاموش دکھائی دیتا ہے۔ آخر یہ کیسا انصاف ہے کہ عوام ادائیگی بھی کریں، مہنگائی بھی برداشت کریں اور پھر راتیں بھی اندھیرے اور اذیت میں گزاریں؟ اس سے بھی زیادہ افسوسناک پہلو مقامی سیاسی قیادت اور منتخب نمائندوں کی خاموشی ہے۔ گوجر خان کے عوام یہ سوال پوچھنے میں حق بجانب ہیں کہ آخر ان کے منتخب نمائندے کہاں ہیں؟ اگر یہ مسئلہ مہینوں سے جاری ہے تو اسمبلیوں میں اس پر کتنی بار آواز بلند کی گئی؟ کتنی بار متعلقہ اداروں سے جواب طلب کیا گیا؟ کتنی بار عوام کے حق میں مؤثر مؤقف اختیار کیا گیا؟ اگر عوام کو آج بھی جواب نہیں مل رہا تو یہ خاموشی خود ایک سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ شہریوں میں یہ احساس شدت اختیار کرتا جا رہا ہے کہ انتخابات کے بعد عوامی مسائل پس منظر میں چلے جاتے ہیں۔ جب ووٹ درکار ہوتے ہیں تو گلی گلی دستک دی جاتی ہے، لیکن جب انہی لوگوں کے گھروں میں اندھیرا، گرمی اور بے بسی اترتی ہے تو ان کی آواز سننے والا کوئی نظر نہیں آتا۔ یہی وجہ ہے کہ گوجر خان کے عوام اپنے منتخب نمائندوں کی کارکردگی پر شدید تحفظات کا اظہار کر رہے ہیں اور مطالبہ کر رہے ہیں کہ وہ صرف بیانات نہیں بلکہ عملی اقدامات سے اپنی نمائندگی ثابت کریں۔ حکومت اور متعلقہ اداروں کو یہ سمجھنا ہوگا کہ بجلی کوئی عیاشی نہیں بلکہ بنیادی ضرورت ہے۔ عوام اب وعدوں، دعوؤں اور تصویری بیانات سے مطمئن نہیں ہوں گے۔ وہ جواب بھی چاہتے ہیں، ذمہ داری بھی چاہتے ہیں اور فوری ریلیف بھی چاہتے ہیں۔ اگر اربوں روپے کے بل اور ٹیکس وصول کرنے کے باوجود بھی ایک شہری کو رات کے وقت پنکھے کی ہوا نصیب نہ ہو تو پھر یہ سوال ضرور اٹھے گا کہ آخر اس نظام کی کامیابی کا معیار کیا ہے؟ رات بارہ بجے ہونے والی روزانہ کی لوڈشیڈنگ فوری ختم کی جائے، اس کی وجوہات عوام کے سامنے لائی جائیں، ذمہ داروں کا تعین کیا جائے اور منتخب نمائندے خاموش تماشائی بننے کے بجائے اسمبلیوں اور متعلقہ فورمز پر اپنے لوگوں کے حق کی مؤثر آواز بنیں۔ عوام مزید اندھیرے نہیں، جواب اور انصاف چاہتے ہیں۔

ہر انسان کو ایک مخصوص مقدار میں پانی پینے کی ضرورت ہوتی ہے

لندن (سی ایم لنکس) ہر انسان کو ایک مخصوص مقدار میں پانی پینے کی ضرورت ہوتی ہے، ماہرین کا کہنا ہے کہ پانی پیتے ہوئے ہم بعض اوقات کچھ غلطیاں کر جاتے ہیں جو ہمیں نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ آئیں دیکھتے ہیں وہ غلطیاں کیا ہیں۔۔۔ مرغن کھانے کے بعد پانی پینا۔۔۔ مرغن غذاؤں پر مشتمل کھانا کھانے کے بعد پانی پینے سے گریز کریں۔ اس وقت پیا جانے والا پانی غذا کو ہضم کرنے والے گیسٹرک جوس کے اثر کو کم کر دیتا ہے، جس سے غذا ہضم ہونے میں مشکل پیش آتی ہے۔ علاوہ ازیں انسولین کی سطح میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔۔۔ ایک ساتھ بہت سارا پانی پینا۔۔۔ ایک وقت میں بہت سارا پانی پی لینا تھوک کو پتلا کر دیتا ہے جس سے غذا کو ہضم کرنے کا عمل آہستہ ہو جاتا ہے۔ ایک وقت میں 60 سے 90 ملی لیٹر پانی پئیں اور آہستہ آہستہ پئیں۔۔۔ صبح اٹھ کر پانی نہ پینا۔۔۔ کئی گھنٹوں کی نیند کے بعد ہمارے جسم کو اپنی توانائی بحال کرنے کے لیے فوری طور پر کچھ چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے اور پانی بھی انہی میں سے ایک ہے۔ نیند میں ہمارا جسم خشک ہو جاتا ہے اور بیدار ہونے کے بعد فوری طور پر اسے ہائیڈریشن فراہم کرنا ضروری ہے لہٰذا صبح اٹھنے کے بعد ایک گلاس پانی ضرور پئیں۔۔ سونے سے پہلے پانی نہ پینا۔۔۔ رات بستر پر جانے سے قبل ایک گلاس پانی پینا اپنی عادت بنا لیں۔ یہ نیند کے دوران جسم کو ڈی ہائیڈریشن سے بچائے گی جبکہ پانی نہ پینے کی صورت میں دن بھر آپ سستی اور غنودگی محسوس کریں گے۔ سخت ورزش کے دوران بہت زیادہ پانی پینا۔۔۔ سخت ورزش کرتے ہوئے بہت سارا پانی پینے سے گریز کریں، یہ آپ کو سر درد، متلی اور چکر میں مبتلا کر سکتا ہے۔۔ مصالحہ دار اشیا کا اثر ختم کرنے کے لیے۔۔۔ کوئی تیز اور مصالحہ دار شے کھانے کے بعد ہم اس کی جلن زائل کرنے کے لیے پانی پیتے ہیں، لیکن کیا آپ جانتے ہیں پانی پینا ان مالیکیولز کو اور تیز کرتا ہے۔

"حجاب، حوصلہ اور حریت کا سفر"



تحریر: سیّدہ نزہت ایوب کاظمی
شہر: اسلام آباد

جو یہ کہے آلِ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی شہادتوں کے بعد کربلا کا خونی باب اختتام پذیر ہوا تو یہ غلط تھا، بلکہ قافلہء اہلِ بیت آزمائش کی ایک نئی منزل، سفرِ شام میں داخل ہو رہا تھا، جہاں یزید کے دربار میں بنتِ زہراؑ کا شجاع اب زمانے رقم کرنے کو بے تاب تھے۔

بنتِ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی داستانِ الم ناک پُر درد ہے اور بنتِ زہرا علیہ سلام کی داستاں نہایت دشوار گزار بل کھاتی، خار دار راہوں سے ہو کر گزری، مگر تاریخ گواہ ہے اِن دونوں پاک مستورات نے قیامت تک بہادری اور شجاعت کی لازوال مثال قائم کر دی، اِن پاک و مُنزہ و مُتہرہ مستورات نے جہاں ڈوبتی اِسلام کی ناؤ کو بچایا وہیں قیامت تک آنے والی اُن مومنات کو جینا کیسے ہے مُصیبتوں میں سکھایا، جو ان مُنتخب و اعلیٰ وارفع مستورات کی کنیزی میں آنے والی تھیں۔ حجاب کبریا بنتِ نبیؐ پاک سیدہ جناب زہراؑ کی حیاتِ مقدسہ دینِ اسلام کی مکمل تفسیر ہے، وہ دینِ اسلام جسے ربِّ یکتا نے ہر جہان میں پسند فرمایا۔ قُدرتِ الٰہیہ کی یہ وہ پاک دامَن مستورات ہیں جو باپردہ خواتین سے بھی پردہ کریں۔ یہ وہ پاک مستورات ہیں جن کے پالوں نے اللہ کی زمین پر موجود اسلام کے امتحان کے لئے کربلا کے دشت سی زمین کا انتخاب کیا اور پھر اپنے خون سے یوں اس دشتِ بیابان کو سینچا کہ اَب تا قیامت اِن شاء اللہ کوئی ابلیس اُس زمین کو اُجاڑ نہ سکے گا۔

پاک سیّدہ نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کی بیٹی ہونے کے تمام فرائض نبھائے تو بنتِ زہرا علیہ سلام نے رسول اللہؐ کی نواسی اور علیؑ کی بیٹی ہونا کہتے کِسے ہیں، بتایا۔ مجھ سمیت جو جو اُمّ الکتاب، مومنات کی سردار حتیٰ کہ لتاں حوّا کی بھی ملکہ جناب زہرا شہزادیء کونین علیہ سلام کی کنیزی میں آنے کو بے قرار ہیں، اُن سبھی کو پاک سیّدہؑ کی کنیزی کے قرینے سکھائے۔ غم، کرب اور مُصیبتوں کے بوجھ اُٹھائے۔ کربلا سے لیکر شام یزید کے دربار تک قید سے لیکر رہائی تک پھر واپسی مدینہ اور دوبارہ سفرِ شام تک اپنے ایک، ایک عمل میں مُسلم عورت کے لئے ایسی شمعیں روشن کر دیں کہ ہزار ہوں فتنے جہان میں، جِس کے دِل میں خوفِ خُدا ہوگا وہ بھٹکے گی کبھی نا۔ اگر ہم دنیا سے ہٹ کر صرف وطنِ عزیز کے مُسلم معاشرے کی بات کریں تو زیادہ تَر پاکستانی خاندانی نظام جہالت کی تاریکیوں میں کہیں گُم ہے۔ معاشرے کی بدنمائی اِس سے بڑھ کر کیا ہوگی کہ معاشرے کے وہ فرد جو خود کو بڑا سیانا سمجھتے ہیں اپنی اِن ذمہ داریوں سے مُنہ موڑ چکے ہیں جن کے نبھا لینے میں ہی بھلائی تھی۔ تعلیم عام ہونے کا ہر گز یہ مطلب نہیں کہ دِین سے دوری ہو جاتی، مگر ہوئی۔ ہم یہ بھی بھول چکے ہیں کہ جِس صدی میں ہم سانس لے رہے ہیں یہ دورِ جدید نہیں بلکہ آج سے چودہ سو سال پہلے پیارے آقا محمدِ عربی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے ظہورِ پُر نور کیساتھ ہی دورِ جدید نے اپنا آغاز کر دیا تھا۔ اِس کی مثال ہم اِس بات سے لیتے ہیں کہ بنتِ نبیؐ جناب زہراؑ کی کنیز بی بی فضہؓ نہ صرف آپؑ کی کنیز تھیں، بلکہ شہزادیء کونین کی صحبت میں رہتے ہوئے دینی اسکالر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک کامیاب سائنٹسٹ بھی تھیں۔

بعض روایات میں مختلف کیمیکلز کو مِلا کر چاندی بنانے کے ہنر کے علاوہ آپ کو اور بہت سے کیمیکلز بنانے پر بھی مہارت تھی، جن سے شعبہ ہائے زندگی کے مختلف کام لئے جا سکتے۔

اے میرے محترم قاری، عورتیں اپنے اپنے گھروں کی رانیاں ہوتی ہیں۔ اگر عورتیں چاہیں تو وہ کیا نہیں کر سکتیں۔ کسی بھی خاتون کی مرضی کے بغیر اُس کی زندگی اور اُسکے بچوں کی و اِرد گرد کے ماحول کو نہیں بدلا جا سکتا۔ معاشرہ فطرت سے بہت دور جا پڑا ہے۔ جِس کا سوائے نقصان کے کچھ نہیں۔ یہ بڑی ہی عجیب بات ہوگی کہ اللہ کے آخری نبی محمدِ مُصطفےٰؐ نے تو سادگی اپنائی ہو، سادگی ہی کا درس دیا ہو مگر اُن پر ایمان لانے والے مسلمان اُسی سادگی کو ترک کئے رکھیں، جسے مسلمانوں کے لئے اللہ اور رسول اللہؐ کی طرف سے پسند کیا گیا ہو۔ اچھا یہاں ایک قابلِ غور بات یہ بھی ہے کہ اگر دورِ جدید کے معیار کو ماپنے کا پیمانہ تعلیم کا عام ہونا یا زندگی کی سہولیات کے لئے نت نئی ایجادات کا ہونا ہے تو یہ بھی مناسب نہیں کیونکہ یہ بندوں کا قصور ہے کہ انہوں نے بروقت دورِ جدید سے فائدہ نہیں اُٹھایا۔ جنگی ماحول، بگڑتے زمانے کے حالات، مُسلم اتحاد کا تقاضا کر رہے ہیں۔ اپنے فرائض نہ نبھانے کے باعث گھر، خاندان، رشتے ناطے تِتر بِتر ہو چکے۔ اُتنا نفسا نفسی کا عالم دنیا میں کہیں اور دکھائی نہیں دیتا جتنا بدقسمتی سے ہمارے مُسلم معاشرتی ڈھانچے کی روحِ رواں بن چُکا، خُدائی آفتوں کے علاوہ گولے، بارود کی نظر ہونے والی جان و املاک کی پل، پل کی خبروں سے معاشرے کے دِل دہلیں نہیں تو بات پُر فِکر ہے۔ آج وقت مُسلم عورت سے تقاضا کر رہا ہے کہ وہ اِسلام کو ایسے بیٹے پال کر دے جِس سے دِین کا نام سَر بلند ہو، تا کہ مِلکی محافظت میں "پاک کے محافظوں" کا ہاتھ بٹ سکے۔ جبکہ "اسلامی جمہوریہ پاکستان کے محافظ" اپنی جانیں بے دریغ ملک و ملّت پر قُربان کر رہے ہوں، اور معاشرے میں میری تیری ہی نہ ختم ہونے کو آ رہی ہو، جہاں "پاک فوج" اللہ کی کرم نوازی سے دانشوری و بہادری دِکھاتے ہوئے مِلکی ساکھ کو کہاں سے کہاں لے کے پہنچ گئی ہو، وہاں معاشرے کے پیدا کئے، ایسے ایسے مسائل اٹھتے دِکھیں جن سے روح کانپ کانپ جائے۔ پاکستانی مُسلم معاشرہ یا تو سیدھی و سادی زندگی اپنا کر اللہ و نبیؐ کو راضی رکھتے ہوئے مِلکی مسائل کو کم کرنے میں معاون بنے یا پھر نفسا نفسی کا حصّہ بنے۔ اب کی جلتی آفتوں سے بھری زمین جو اپنے قطعات کو مِٹا، مِٹا کر یہ بتا رہی ہے کہ حساب کا دِن کسی بھی وقت اپنا آغاز کر دے گا، خُدائے بزرگ و برتر کی بارگاہ میں عرضی ہے کہ مالک بطفیلِ پنجتن پاکؑ کے دورِ پُر آشوب میں ہمیں اپنی رضا پر قائم فرما۔ ہماری فوج پر رحمت کے دروازے کھول دے اور انہیں مزید منظم و مظبوط بنا، تا کہ یہ جنگی فتنوں میں ملک و ملت کی بہترین حفاظت کر سکیں، اے مالکِ کُلِ مختار تو ان تمام محافظوں کو اپنے گھر، خاندانوں کی طرف سے بے فکر رکھ جو ہر مشکل گھڑی میں ملک و ملت کی خاطر جیتے ہیں۔

آمین ثم آمین

میری ماؤں، بہنوں اور بیٹیو! اگر ہم باحجاب و باکردار نسلیں چاہتیں ہیں تو دل و روح کو کربلائی بنانا ہوگا۔

محترم قاری، کربلا کا پیغام صرف تاریخ کا ایک باب نہیں بلکہ ہر دور کے انسان کے لئے کردار، صبر، عزتِ نفس اور حق پر ثابت قدم رہنے کا درس ہے۔ جب تک یہ اقدار ہمارے گھروں اور معاشرے کا حصہ نہیں بنتیں ہم حقیقی معنوں میں کربلا کے پیغام سے فیض یاب نہیں ہو سکتے۔

لیموں کے غیر معمولی طبی فوائد

ملتان (سی ایم لنکس) لیموں قدرت کے انمول تحفوں میں سے ایک ہے۔ گرمیوں کی آمد ہے اور لیموں پانی آپ کے لیے بہت سے فوائد کی وجہ بنتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ گرمیاں لیموں کے استعمال کا بہترین موقع فراہم کرتی ہیں۔۔۔ وٹامن سی کا خزانہ۔۔۔ لیموں وٹامن سی سے بھرپور ہوتا ہے اور یوں ہمارے جسم کو آکسیڈیٹو اسٹریس سے محفوظ رکھتے ہوئے کینسر سمیت کئی امراض سے بچاتا ہے۔ لیموں کے متعلق لاتعداد سائنسی تحقیق کی گئی ہے جس میں یہ قلب کے لیے بھی مفید ثابت ہوا ہے۔ ایک تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ روزانہ 24 گرام لیموں پانی اگر ایک ماہ تک استعمال کیا جائے تو اسے خون میں کولیسٹرول کی سطح کم ہوتی ہے۔ یہ وہی کولیسٹرول ہے جو خون کو گاڑھا کر کے فالج اور امراضِ قلب کی وجہ بنتا ہے۔۔۔ وزن گھٹائے۔۔۔ بعض تحقیقات بتاتی ہیں کہ لیموں کا باقاعدہ استعمال وزن کم کرنے میں بہت مددگار ثابت ہوتا ہے۔ مثلاً ایک خیال تو یہ ہے کہ لیموں میں حل پذیر ریشہ (فائبر) پیکٹن بھی پایا جاتا ہے۔ جب یہ فائبر معدے میں جاتا ہے تو پھیل کر ہمیں پیٹ بھرے ہونے کا احساس دلاتا ہے۔ اس طرح اندھا دھند کھانے سے ہم بچ جاتے ہیں۔ دوسرا خیال ہے کہ نیم گرم پانی میں لیموں نچوڑ کر بالخصوص پیٹ کی چربی گھلانے میں مدد ملتی ہے۔ ایک اور تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ جب موٹے چوہوں کو لیموں کے پولی فینولز کیمیکل دیئے گئے تو دیگر چوہوں کے مقابلے میں وہ تیزی سے پتلے ہونے لگے۔۔۔ گردے کی پتھری اور لیموں۔۔۔ ہم جانتے ہیں کہ گردے کی پتھری کا علاج کیا جائے تب بھی اس کے دوبارہ بننے کے خطرات اپنی جگہ برقرار رہتے ہیں۔ اس ضمن میں لیموں کا عرق ایک شافی علاج کے طور پر جانا جاتا ہے۔ لیموں میں موجود سٹرک ایسڈ ایک جانب تو پیشاب کو بڑھاتا ہے اور اس کے پی ایچ میں اضافہ کرتا ہے۔ ان دونوں صورتوں میں گردوں میں پتھری بننے کا امکان کم ہو جاتا ہے۔ یہ بات سائنسی طور پر ثابت ہے۔ اگر روزانہ نصف کپ 125 ملی لیٹر لیموں کا عرق پیا جائے یا پانی میں ملا کر لیموں پانی بنایا جائے تو اتنا سٹرک ایسڈ مل جاتا ہے کہ گردوں میں پتھری کی افزائش کو روکا جا سکتا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس عمل میں بدن پر کوئی مضر اثر پیدا نہیں ہوتا۔۔۔ کینسر کو دور رکھے۔۔۔ جدید تحقیق سے لیموں کا سب سے تازہ ترین فائدہ یہ سامنے آیا ہے کہ یہ سرطان کو روکنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس سے قبل کئی تحقیقات اور میٹا سروے سے معلوم ہوا ہے کہ جو لوگ باقاعدگی سے لیموں استعمال کرتے ہیں ان میں سرطان کی شرح کم دیکھی گئی ہے۔ وجہ یہ ہے کہ لیمونین اور نارنگین نامی دو مرکب کینسر کے خلاف مؤثر ثابت ہوئے ہیں اور کئی اقسام کے سرطان کے حملے کو پسپا کرتے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

شادی کے بعد اچھی خاصی زندگی خراب ہو جاتی ہے، جنت مرزا

شادی کے بارے میں جلد بازی کرنے سے بہتر ہے آرام سے سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں

لاہور (این این آئی) مشہور پاکستانی ٹک ٹاکر اور سوشل میڈیا انفلوئنسر جنت مرزا نے کہا ہے کہ شادی کے بعد اچھی خاصی زندگی خراب ہو جاتی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جنت مرزا نے انسٹاگرام پر مداحوں سے بات چیت کرنے کے لیے ایک سیشن رکھا ہے، اس دوران ایک مداح نے ان سے سوال کیا کہ آپ شادی کب کریں گی؟۔ ٹک ٹاکر نے جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ مجھے خود بھی نہیں پتہ، آج کل شادی شدہ لوگوں کے حالات دیکھ دیکھ کر شادی کرنے کا دل ہی نہیں کرتا، اتنا ظلم۔ جنت مرزا نے لکھا ہے کہ اچھی خاصی زندگی شادی کے بعد خراب ہو جاتی ہے۔ انہوں نے لکھا ہے کہ شادی کے بارے میں جلد بازی کرنے سے بہتر ہے۔

گوری سے شادی پر لارنس بشنوئی گینگ کی عامر خان کو دھمکی

لارنس بشنوئی گینگ اس سے پہلے بھی بولی ووڈ کی نامور شخصیات کو نشانہ بناتا رہا ہے



ممبئی (این این آئی) انڈین فلم انڈسٹری کے دبنگ اداکار سلمان خان کے بعد اب ایک اور سپر اسٹار عامر خان کو بھی لارنس بشنوئی گینگ کی طرف سے جان سے مارنے اور سبق سکھانے کی دھمکی دی گئی ہے۔ بشنوئی گینگ نے عامر خان کی گوری اسپرٹ سے شادی کو لو جہاد کا نام دیا ہے اور کہا ہے کہ وہ اس طرح کے کاموں کو اپنے ملک اور ثقافت کے خلاف سمجھتے ہیں اور اسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ اور آڈیو کلپ شیئر کیا گیا ہے جو ناسن بشنوئی اور ارجو بشنوئی نامی اکاؤنٹ سے جاری کیا گیا ہے۔ اس اکاؤنٹ سے منسلک افراد نے خود کو جیل میں بند گینگسٹر لارنس بشنوئی کا بھائی ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ مبینہ پوسٹ میں عامر خان اور ان کی اہلیہ گوری اسپرٹ کی شادی پر اعتراض اٹھایا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ جو لوگ ہمارے ملک میں ہماری ثقافت کے خلاف لو جہاد کے نام پر ایسی چیزوں کو بڑھاوا دے رہے ہیں، ہم اسے ہرگز برداشت نہیں کریں گے۔ جو لوگ اسٹار ہونے کے نام پر اس چیز کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں۔

افتخار ٹھاکر نے سہیل احمد کو فنکاروں کا ''ریسکیو 1122'' قرار دیدیا

میرے پاس سہیل احمد کا موبائل نمبر نام کی بجائے 1122 کے نام سے محفوظ ہے

لاہور (این این آئی) نامور کامیڈین اداکار افتخار ٹھاکر نے سینئر اداکار سہیل احمد کو فنکاروں کا ''ریسکو 1122'' قرار دیدیا۔ افتخار احمد نے بتایا کہ میں نے اپنے موبائل میں سہیل احمد کا نمبر ان کے نام کی بجائے 1122 کے نام سے محفوظ کیا ہوا ہے۔ میں برملا کہتا ہوں کسی بھی فنکار کو کسی بھی وقت مشکل پڑ جائے وہ سہیل احمد کو فون کرے وہ ضرور فون اٹھائیں گے، آپ رات کے کسی پہر بھی انہیں فون کر کے دیکھ لیں وہ فون اٹھائیں گے اور خیریت پوچھیں گے۔ انہیں اپنی مشکل بتائیں اگلے 15 منٹ میں آپ کا مسئلہ ان شاءاللہ حل ہو چکا ہوگا۔

عتیقہ اوڈھو ہدایتکار اقبال کشمیری کو یاد کر کے آبدیدہ ہو گئیں

مجھے ڈانس کرنا نہیں آتا تھا، اقبال کشمیری مجھے سکھانے کیلئے خود ڈانس کر کے دکھاتے تھے

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ عتیقہ اوڈھو نامور ہدایتکار اقبال کشمیری کو یاد کر کے آبدیدہ ہو گئیں۔ سینئر اداکارہ عتیقہ اوڈھو نے ایک ٹاک شو میں شرکت کی اس دوران انہوں نے مرحوم ہدایتکار اقبال کشمیری کے بارے میں اظہار خیال کیا۔ اقبال کشمیری کی ہدایتکاری میں بننے والی اپنی ایک پرانی فلم کا کلپ دیکھتے ہوئے عتیقہ اوڈھو جذباتی ہو گئیں اور ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے۔ اداکارہ نے کہا کہ ان گانوں کو چلا کر آپ مجھے رلا دیں گے کیونکہ انہوں نے مجھے اقبال کشمیری کی یاد دلا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے ان کے ساتھ فلموں جوڑ گیا وہ مر گیا اور ممی میں کام کیا تھا، اگرچہ فلم ممی زیادہ کامیاب نہیں ہو سکی تھی لیکن اس کی شوٹنگ سے جڑی میری بہت سی یادیں ہیں۔ عتیقہ اوڈھو نے کہا کہ میں ندیم بیگ کے سامنے اقبال کشمیری کو بہت تنگ کیا کرتی تھی کیونکہ مجھے ڈانس کرنا نہیں آتا تھا۔

قدرت اللہ شہاب کی 40 ویں برسی 24 جولائی کو منائی جائیگی

لاہور (این این آئی) پاکستان کے اردو کے ممتاز ادیب قدرت اللہ شہاب کی 49 ویں برسی 24 جولائی کو منائی جائے گی۔ قدرت اللہ شہاب 26 فروری 1920 کو گلگت میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے کم عمری میں ہی اردو اور انگریزی زبانوں میں لکھنے کا آغاز کر دیا تھا۔ انہوں نے 16 سال کی عمر میں مضامین لکھنے کا ایک بین الاقوامی مقابلہ جیتا جس کا اہتمام ریڈرز ڈائجسٹ لندن نے کیا تھا۔ قدرت اللہ شہاب نے اپنی سوانح عمری شہاب نامہ کی وجہ سے شہرت پائی۔ انہوں نے پاکستان رائٹرز گلڈ کے اخبارات اور جرائد کیلئے بھی اردو اور انگریزی زبانوں میں لکھا۔ قدرت اللہ شہاب 24 جولائی 1986 کو اسلام آباد میں انتقال کر گئے

دوسری شادی کیخلاف نہیں، یہ میری قسمت میں نہیں تھی، حنا دلپذیر

2 افراد ایک ساتھ خوش گوار زندگی نہیں گزار سکتے تو بہتر ہے باہمی احترام کے ساتھ علیحدگی اختیار کر لیں

کراچی (این این آئی) اداکارہ حنا دلپذیر نے کہا ہے کہ میں دوسری شادی کے خلاف نہیں تھی لیکن یہ میری قسمت میں نہیں تھی۔ حنا دل پذیر نے پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میرے نزدیک گھر اور خاندان کی بہت اہمیت ہے، لیکن اگر 2 افراد ایک ساتھ خوش گوار زندگی نہیں گزار سکتے تو بہتر ہے کہ وہ باہمی احترام کے ساتھ علیحدگی اختیار کر لیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ خاندان میرے لئے ہمیشہ اہم رہا، لیکن ہر شخص کی قسمت میں روایتی خاندانی زندگی نہیں لکھی ہوتی۔ انہوں نے کا کہ میں دوبارہ شادی کے خلاف کبھی نہیں رہیں لیکن دوبارہ شادی میری قسمت میں نہیں تھی۔

SPORTS سپورٹس

گلوبل سپر لیگ کھیلنے لاہور قلندرز گیانا پہنچ گئی

نوجوان پاکستان کرکٹ کیلئے قیمتی اثاثہ ثابت ہونگے، عاطف رانا

اسلام آباد (این این آئی) گلوبل سپر کرکٹ لیگ کھیلنے کیلئے لاہور قلندرز کی ٹیم گیانا پہنچ گئی، لاہور قلندرز کے مالک عاطف رانا کے مطابق فرنچائز کا مقصد مستقبل کے اسٹارز تیار کرنا ہے، اسی وژن کے تحت ایکسون موبل گلوبل سپر لیگ کیلئے نوجوان اور ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں پر مشتمل اسکواڈ تشکیل دیا گیا ہے۔ عاطف رانا نے کہا کہ نوجوان کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کیا جا رہا ہے تاکہ وہ مستقبل میں پاکستان کرکٹ کیلئے قیمتی اثاثہ ثابت ہوں۔ انہوں نے کہا کہ گلوبل سپر لیگ 23 جولائی سے یکم اگست تک گیانا نیشنل اسٹیڈیم میں کھیلی جائے گی، لاہور قلندرز کے اسکواڈ کی قیادت نیوزی لینڈ کے مائیکل بریسویل کرینگے جبکہ ٹیم میں پرویز حسین ایمون (بنگلہ دیش)، شیان جہانگیر (امریکا)، ڈیلانو پونگیٹر (جنوبی افریقہ)، عبداللہ شفیق، اسامہ میر، شامل حسین، محمد نعیم، عمران رندھاوا، مہران ممتاز، فرحان یوسف، شہاب خان، محمد باسط اور علی شبیر شامل ہیں۔

لاہور: پی پی پی کے ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز کے سینئر جنرل منیجر اسامہ شاہدن اور مصباح الحق قذافی اسٹیڈیم میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

لامین یمال کے والد کی عمر جان کر مداح حیران

لامین یمال کے والد 1992 میں پیدا ہوئے تھے عمر صرف 34 سال بنتی ہے

میڈرڈ (این این آئی) اسپین کے نوجوان فٹبال اسٹار لامین یمال اپنا پہلا ورلڈ کپ جیتنے اور چھوٹے بھائی کے ساتھ جشن منانے کے باعث اس وقت سوشل میڈیا پر ٹرینڈ کرنے لگے تاہم فتح کے اس جشن کے دوران سوشل میڈیا پر یمال کے والد سے متعلق اہم انکشاف سامنے آیا۔ سوشل میڈیا پر زیر گردش خبروں کے مطابق لامین یمال کے والد 1992 میں پیدا ہوئے تھے جس کے مطابق ان کی عمر صرف 34 سال بنتی ہے۔ یہ معلومات سامنے آنے کے بعد صارفین نے حیرت کا اظہار کیا اور مختلف دلچسپ تبصرے اور میمز بھی شیئر کیں۔ کئی مداحوں نے کہا کہ انہیں اندازہ نہیں تھا کہ لامین یمال اور ان کے والد کے درمیان عمر کا فرق اتنا کم ہوگا۔ واضح رہے کہ لامین یمال کے والد ورلڈ کپ کا اہم ایونٹ دیکھنے کے لیے اسٹیڈیم میں نہیں آئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق لامین یمال کے دادا کی وفات کے باعث ان کے والد نے گھر پر ہی رہنے کا فیصلہ کیا۔

8 کھلاڑیوں کیلئے ٹیم کے دروازے کھلے ہیں، فاطمہ ثناء

ڈراپ پلیئرز اپنی کارکردگی اور عمدہ فٹنس کی بنیاد پر ہی دوبارہ جگہ بنا سکتی ہیں، کپتان قومی ٹیم

کراچی (این این آئی) پاکستان ویمن کرکٹ ٹیم کی کپتان فاطمہ ثنا نے کہا ہے کہ ٹیم سے الگ کی جانے والی سینئر آل رائڈر عالیہ ریاض اور ارم جاوید سمیت 8 کھلاڑیوں کے لیے دروازے کھلے ہیں تاہم وہ بہترین کارکردگی اور عمدہ فٹنس کی بنیاد پر ہی دوبارہ جگہ بنا سکتی ہیں۔ دورہ سری لنکا پر روانگی سے قبل مختصر قومی تربیتی کیمپ کے اختتام کے

بقیہ 1

پلان، صفائی، ریسکیو، طبی سہولیات اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے ضلعی امن کمیٹی کے اپنے پہلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ انہیں راولپنڈی کی ضلعی امن کمیٹی کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ یہ کمیٹی ضلع میں امن و امان کے قیام کے حوالے سے نہایت اچھی شہرت رکھتی ہے اور اس کے تمام ممبران ہمیشہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی ایک اہم ضلع ہے جہاں امن وامان کا قیام ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری افسران کی تعیناتی ایک مخصوص مدت کے لیے ہوتی ہے، تاہم ضلعی امن کمیٹی کے ممبران ہی درحقیقت اس شہر کے مستقل پاسبان ہیں جو ہر دور میں امن، بھائی چارے اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چہلم حضرت امام حسینؓ کے موقع پر ضلعی انتظامیہ تمام متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل رابطے میں ہے اور جلوسوں و مجالس کے پرامن انعقاد کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے امن کمیٹی کے ممبران پر زور دیا کہ وہ انتظامیہ اور پولیس کے ساتھ قریبی رابطہ رکھیں، عوام میں رواداری اور اتحاد کا پیغام عام کریں اور کسی بھی مشتبہ سرگرمی یا امن وامان کے لیے ممکنہ خطرے کی بروقت نشاندہی کریں تاکہ فوری کارروائی کو یقینی بنایا جاسکے۔ سی پی او راولپنڈی حسن مشتاق سکھیرا نے اپنے خطاب میں کہا کہ ضلعی امن کمیٹی کے ممبران کی تجاویز اور رہنمائی کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا کیونکہ امن وامان کے قیام میں شہریوں اور امن کمیٹی کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ممبران شہر میں ایسی سرگرمیوں یا عناصر کی بروقت نشاندہی کریں جو مستقبل میں امن وامان کے لیے خطرہ بن سکتے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ چہلم کے دوران فول پروف سیکیورٹی انتظامات کیے جائیں گے، جلوسوں اور مجالس کی مسلسل نگرانی کی جائے گی جبکہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اجلاس کے دوران ضلعی امن کمیٹی کے ممبران نے نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر اور سی پی او احسن مشتاق سکھیرا کو خوش آمدید کہا اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ممبران نے ضلع میں امن و امان کے مزید استحکام، بین المسالک ہم آہنگی، عوامی آگاہی، نوجوانوں کے مثبت کردار اور ضلعی انتظامیہ و پولیس کے ساتھ مؤثر رابطوں کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی پیش کیں۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ، پولیس، ضلعی امن کمیٹی، علماء کرام، مشائخ عظام اور تمام مکاتب فکر کے نمائندے باہمی تعاون، رواداری اور مذہبی ہم آہنگی کے ذریعے چہلم حضرت امام حسینؓ سمیت ہر مذہبی موقع پر امن و امان کے مثالی قیام کو یقینی بنائیں گے تاکہ راولپنڈی میں بھائی چارے، اتحاد اور پرامن ماحول کو مزید فروغ دیا جاسکے۔

بقیہ 2

کمشنر راولپنڈی نے محکمہ بلڈنگز اور تعمیراتی کمپنی کے نمائندگان کو ہدایت کی کہ ہسپتال کی فنشنگ کا کام تیز رفتار اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ عمارت کا اسٹرکچر مکمل ہو چکا ہے، اب تمام تر توجہ اندرونی و بیرونی فنشنگ، تنصیبات اور سہولیات کی بروقت تکمیل پر مرکوز رکھی جائے۔ کمشنر راولپنڈی سلمان غنی نے ہدایت کی کہ تمام فلورز پر استعمال ہونے والی ٹائلز کا معیار بہترین ہونا چاہیے اور کسی بھی قسم کے ناقص میٹریل کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ ہسپتال کے ہر حصے میں تعمیراتی معیار یکساں اور پائیدار رکھا جائے تاکہ آنے والے برسوں میں مریضوں اور ان کے لواحقین کو بہترین سہولیات میسر آسکیں۔ مرد و خواتین کے لیے علیحدہ اور معیاری واش رومز، مناسب ویٹنگ و وزٹنگ ایریاز، صاف پینے کے پانی کی فراہمی، کشادہ پارکنگ، جدید الیکٹریکل وائرنگ، معیاری لائٹنگ، فائر سیفٹی انتظامات، لفٹس، ریمپس اور خصوصی افراد کے لیے آسان رسائی کو منصوبے کا لازمی حصہ بنایا جائے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ہسپتال کے اندر اور اطراف میں شجرکاری، سرسبز لان، پودوں اور درختوں کی مناسب تعداد لگائی جائے تاکہ مریضوں اور تیمارداروں کو خوشگوار اور صحت بخش ماحول میسر آسکے۔ صفائی، سیوریج، ڈرینج، سائن ایج، سکیورٹی اور دیگر معاون سہولیات کو بھی جلد مکمل کیا جائے۔ کمشنر نے واضح کیا کہ منصوبے کے ہر مرحلے کی باقاعدگی سے مانیٹرنگ کی جائے گی اور تعمیراتی معیار یا رفتار میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ روزانہ کی بنیاد پر پیش رفت کا جائزہ لیا جائے اور درپیش رکاوٹوں کو فوری طور پر دور کیا جائے۔

بقیہ 3

منصوبے کی موجودہ صورتحال سے جلد آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے رواٹ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کو جلد از جلد مکمل طور پر فعال بنانے کے لیے پانی کی فراہمی کے مسئلے پر فوری رپورٹ طلب کی تاکہ عوام کو صحت کی بہتر سہولیات بروقت فراہم کی جا سکیں۔ اجلاس میں صاف پانی اتھارٹی کو راولپنڈی میں فعال اور غیر فعال فلٹریشن پلانٹس کی میپنگ اور جیوٹیگنگ مکمل کر کے فوری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی تاکہ صاف پانی کی فراہمی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے راولپنڈی شہر اور دیہی علاقوں میں کھیلوں کے میدانوں کی تعمیر اور بحالی سے متعلق جامع رپورٹ طلب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کے بہتر مواقع فراہم کرنا حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ سکولوں اور کالجوں کے کھیلوں کے میدانوں کو سکول اوقات کے بعد شہریوں کے استعمال کے لیے بہتر بنانے اور آؤٹ سورس کرنے سے متعلق قابلِ عمل تجاویز فوری پیش کی جائیں۔ انہوں نے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو ہدایت کی کہ دیہی علاقوں میں سرکاری اور مفادِ عامہ کی اراضی کی فوری نشاندہی کی جائے تاکہ ہر یونین کونسل میں معیاری کھیلوں کے میدان قائم کیے جاسکیں۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ہر دیہی یونین کونسل میں جدید کھیل کا میدان قائم کرنا حکومت کی اہم ترجیح ہے، جس سے دیہی نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں قومی اور بین الاقوامی سطح پر منوانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اجلاس میں مہوٹ ڈیم پر سیاحت کے فروغ سے متعلق منصوبے پر محکمہ سیاحت سے تفصیلی رپورٹ طلب کی گئی، جبکہ چکری روڈ کی تعمیر و بحالی کے لیے ہائی ویز ڈیپارٹمنٹ کو فوری تخمینہ اور رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے سٹک فیکٹری چوک میں سیوریج کے دیرینہ مسئلے کے مستقل حل کے لیے متعلقہ اداروں کو فوری فزیبلٹی رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت کی۔ اسی طرح رحمت آباد قبرستان روڈ کی ہیوبیٹیشن سکیم، یونین کونسل نمبر 76 تا 79 میں صفائی اور کچرے کی اٹھائی کے مسائل کے فوری حل کے لیے راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور چیف آفیسر ضلع کونسل کو فوری اقدامات کی ہدایت کی گئی۔ انہوں نے اپنے حالیہ دورہ واہ جنرل ہسپتال کے دوران سامنے آنے والے مسائل کے حل کے لیے سی ای او ہیلتھ کو فوری اقدامات کرنے کے احکامات جاری کیے۔ اجلاس میں تعلیمی شعبے کا جائزہ لیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے سکولوں میں تعلیمی معیار بہتر بنانے، اساتذہ کی تربیت کے لیے قابلِ عمل منصوبہ تیار کرنے اور خصوصی بچوں کے سکولوں میں سفری سہولیات کو بہتر بنانے کی بھی ہدایت جاری کی۔ اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے راجہ بازار، کمرشل مارکیٹ اور جناح پارک میں پارکنگ پلازہ کے منصوبے، جبکہ ٹیکسلا اور واہ میں سہولت بازار اور عوامی پارک کے قیام کے لیے اسسٹنٹ کمشنر ٹیکسلا کو مناسب سرکاری اراضی کی نشاندہی اور فزیبلٹی رپورٹ جلد از جلد پیش کرنے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے کہا کہ ضلع راولپنڈی میں تمام ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت، اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کو بنیادی سہولیات کی بروقت اور معیاری فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 4

مریم اورنگزیب شریک تھیں۔ اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ (ن) ضلع راولپنڈی کے صدر و رکن قومی اسمبلی ملک ابرار، سابق میئر راولپنڈی سردار نیم خان سمیت دیگر مقامی رہنما بھی موجود تھے۔ مسلم لیگ (ن) کے قائدین نے کمرشل مارکیٹ کے مختلف حصوں کا دورہ کیا، ہیوبیٹیشن منصوبے کے تحت کیے گئے ترقیاتی اقدامات کا جائزہ لیا اور دکانداروں، تاجروں اور شہریوں سے ملاقاتیں کیں۔ قائدین نے عوام کی آراء سنیں اور انہیں وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے راولپنڈی کی ترقی، خوبصورتی اور شہری سہولتوں کے فروغ کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر شہریوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے راولپنڈی کے مصروف ترین بازاروں کو ٹریفک کے بے ہنگم رش سے نجات دلا کر نئی شناخت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ میں پہلی مرتبہ کمرشل مارکیٹ کو اس انداز میں جدید، منظم اور خوبصورت بنایا گیا ہے، جس سے نہ صرف شہریوں کو سہولت میسر آئی بلکہ کاروباری سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ دکانداروں نے وزیراعلیٰ پنجاب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبے کے دوران حکومت نے تاجروں کے مفادات کا مکمل تحفظ کیا اور کاروبار کو کم سے کم متاثر ہونے دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے عوامی سہولت اور تجارتی مفادات کے درمیان بہترین توازن قائم کیا ہے۔ خواتین نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بازاروں کو صاف ستھرا ماحول، کشادہ پیدل راستے، جدید اسٹریٹ لائٹس اور دکانوں کی یکساں و خوبصورت تزئین و آرائش فراہم کرنا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا قابلِ تحسین اقدام ہے، جس سے راولپنڈی کی خوبصورتی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ دورے کے اختتام پر ریلی کے شرکاء، تاجروں اور شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی عوام دوست پالیسیوں اور راولپنڈی کی ترقی کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے "شکریہ مریم نواز شریف" اور "مریم نواز زندہ باد" کے نعرے لگائے اور اس عزم کا اظہار کیا کہ ایسے ترقیاتی منصوبے شہر کی خوشحالی اور عوامی فلاح میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 5

نے یونیورسٹی کی جانب سے ماحول دوست جدید ٹیکنالوجیز کے فروغ اور گرین انرجی کے عملی نفاذ کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ سولرائزیشن منصوبہ دیگر تعلیمی اداروں کے لیے بھی ایک مثالی نمونہ ہے۔ افتتاحی تقریب کے بعد پنجاب کے وزیرِ زراعت پنجاب سید محمد عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں یونیورسٹی کے جاری ترقیاتی منصوبوں، تحقیقی سرگرمیوں اور مستقبل کی حکمتِ عملی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران وزیرِ زراعت نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان کے وژن کو سراہتے ہوئے یونیورسٹی کے اساتذہ اور انتظامی ٹیم کی محنت کو خراجِ تحسین پیش کیا، جن کی کاوشوں سے متعدد مؤثر تعلیمی، تحقیقی اور ترقیاتی منصوبے کامیابی سے مکمل کیے جا رہے ہیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرِ زراعت نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومتِ پنجاب، بالخصوص محکمہ زراعت پنجاب، صوبے کی زرعی جامعات کی ہر ممکن سرپرستی جاری رکھے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ زرعی تحقیق کو جدید خطوط پر استوار کرنے اور جامعات اور محکمہ زراعت کے درمیان تحقیقی اشتراک کو مزید مضبوط بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر قمر الزمان نے یونیورسٹی کی مجموعی کارکردگی، جاری منصوبوں اور مستقبل کے ترقیاتی وژن پر ایک جامع بریفنگ دی۔ انہوں نے زرعی تعلیم، تحقیق، اختراع، انٹرپرینیورشپ اور کمیونٹی سروس کے فروغ کے لیے یونیورسٹی کی مختلف کاوشوں سے آگاہ کیا۔ وائس چانسلر نے وزیرِ زراعت کو فیکلٹی ڈویلپمنٹ پروگرام، ٹریننگ آف ٹرینرز، دیہی کاروباری ترقی اور معاشی خودمختاری کے لیے موسمیاتی تبدیلی سے ہم آہنگ مونگ پھلی کی ویلیو چین ڈویلپمنٹ منصوبے، فارمرز کال سینٹر اور زرعی مشاورتی سروس، نیز بزنس انکیوبیشن سینٹر کو مزید مؤثر بنا کر اسے ایک جدید ایگری انٹرپرینیورشپ ہب میں تبدیل کرنے کے اقدامات سے بھی تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے یونیورسٹی کے تحقیقی ماحول، تعلیمی معیار اور جدید علمی سرگرمیوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب صوبے کی تمام زرعی جامعات کے ساتھ اپنے اشتراک کو مزید وسعت دے رہا ہے، جس کے نتیجے میں مشترکہ تحقیقی و ترقیاتی منصوبے کامیابی سے مکمل ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی یہ باہمی تعاون زرعی شعبے کی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور کسانوں کی خوشحالی میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 6

کرتے ہوئے یونیورسٹی کے تعلیمی معیار اور انتظامی نظم و نسق کو سراہا۔ انہوں نے اساتذہ اور طلبہ سے بھی ملاقات کی اور ان سے تعلیمی سرگرمیوں، درپیش مسائل اور مستقبل کی ضروریات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ نوجوان نسل کو معیاری اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوہسار یونیورسٹی مری خطے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور باصلاحیت نوجوانوں کی استعداد کار نکھارنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے جسے مزید مؤثر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم ہی معاشی و سماجی ترقی کی بنیاد ہے اور جدید تحقیق، اختراع اور ہنرمندی کے فروغ کے ذریعے نوجوانوں کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ یونیورسٹی کو درپیش جائز انتظامی مسائل کے حل اور تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ متعلقہ اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کرے گی۔ اس موقع پر یونیورسٹی انتظامیہ نے ڈپٹی کمشنر کی آمد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی سرپرستی اور تعاون سے ادارے کی تعلیمی و انتظامی استعداد میں مزید بہتری آئے گی جبکہ طلبہ کو معیاری تعلیم اور بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے جاری اقدامات کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔

بقیہ 7

تھے۔ مظاہرین نے سندھ حکومت اور محکمہ تعلیم کے خلاف شدید نعرے بازی کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اہل امیدواروں کو مزید انتظار میں رکھنے کے بجائے فوری طور پر آفر آرڈرز جاری کیے جائیں۔ احتجاج کے دوران غلام مرتضیٰ سبزوئی، رحیم بخش لاشاری، خادم حسین بھگوار، آفتاب احمد بیناک اور غلام مصطفیٰ میرانی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سال 2021 میں اُس وقت کے صوبائی وزیر تعلیم سید سردار شاہ کی مرتب کردہ پالیسی کے تحت بھرتیوں کا طریقہ کار طے کیا گیا تھا، تاہم بعد ازاں اس پالیسی میں تبدیلی کرتے ہوئے 55 نمبر حاصل کرنے والے امیدواروں کو آفر آرڈرز جاری کیے گئے، جبکہ 40 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے متعدد امیدوار آج بھی ویٹنگ لسٹ میں شامل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ صورتحال میرٹ، شفافیت اور مساوی مواقع کے اصولوں کے خلاف ہے اور اہل امیدواروں کے ساتھ کھلی ناانصافی کے مترادف ہے۔ مقررین نے کہا کہ وہ گزشتہ کئی برسوں سے محکمہ تعلیم کے اعلیٰ حکام، منتخب عوامی نمائندوں اور متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطے میں ہیں، متعدد درخواستیں اور یادداشتیں بھی جمع کرا چکے ہیں، مگر ان کے جائز مطالبات پر اب تک کوئی مؤثر پیش رفت نہیں ہو سکی۔ انہوں نے کہا کہ امیدوار ذہنی دباؤ، بے روزگاری اور معاشی مشکلات کا شکار ہیں، جبکہ مسلسل تاخیر کی وجہ سے کئی امیدوار عمر کی بالائی حد کے قریب پہنچ چکے ہیں، جس سے ان کے مستقبل پر بھی منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں احتجاجی امیدواروں نے سندھ حکومت سے مطالبہ کیا کہ 10 جولائی کے فیصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے 40 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے تمام اہل ویٹنگ امیدواروں کو بلا امتیاز اور بلا تاخیر آفر آرڈرز جاری کیے جائیں تاکہ انہیں ان کا جائز اور قانونی حق مل سکے اور میرٹ پر مبنی بھرتیوں کا عمل مکمل ہو مظاہرین نے واضح کیا کہ اگر ان کے مطالبات فوری طور پر تسلیم نہ کیے گئے تو وہ سندھ بھر کے JST ویٹنگ امیدواروں کو متحد کر کے کراچی میں وزیراعلیٰ ہاؤس کے سامنے احتجاجی دھرنا دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کا دائرہ پورے سندھ تک وسیع کیا جائے گا اور مطالبات کی منظوری تک پرامن احتجاج جاری رکھا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر صورتحال جوں کی توں رہی تو اس کی تمام تر ذمہ داری سندھ حکومت اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 8

گیا جبکہ گاڑیاں اور موٹر سائیکلیں بھی متاثر ہوئیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر بار بارش کے بعد یہی صورتحال پیدا ہوتی ہے مگر متعلقہ ادارے مستقل حل نکالنے میں ناکام رہے ہیں۔ مکینوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ پانی کھڑا رہنے سے وبائی امراض پھیلنے کا خطرہ بھی بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر پانی کی نکاسی کو یقینی بنایا جائے اور علاقے کے ڈرینج سسٹم کو مستقل بنیادوں پر بہتر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بار بار اس پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ 9

پولیس نے اطلاع ملنے پر مزید تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ واقعے نے علاقے میں تشویش کی لہر دوڑا دی ہے۔

بقیہ 10

کی نفری موقع پر پہنچ گئی جس نے جائے وقوعہ کا معائنہ کرنے کے بعد مزدا گاڑی کو اپنی تحویل میں لے لیا اور اس کے ڈرائیور کو گرفتار کر کے مزید قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا پولیس نے ضروری کارروائی مکمل کرنے کے بعد جاں بحق ہونے والے شخص کی لاش اور زخمیوں کو سول اسپتال کندھ کوٹ منتقل کیا اسپتال ذرائع کے مطابق زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی گئی، تاہم ان میں سے ایک زخمی کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث ڈاکٹروں نے اسے مزید بہتر علاج کے لیے سکھر کے اسپتال منتقل کر دیا، جبکہ دوسرے زخمی کا علاج سول اسپتال کندھ کوٹ میں جاری ہے پولیس حکام کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات شروع کر دی گئی ہیں اور حادثے کی اصل وجوہات کا تعین کیا جا رہا ہے آخری اطلاعات موصول ہونے تک اس واقعے کا مقدمہ درج نہیں ہو سکا تھا تاہم پولیس کا کہنا ہے کہ قانونی تقاضے مکمل ہونے کے بعد ضابطے کی کارروائی عمل میں لائی جائے گی، واضح رہے کہ انڈس ہائی وے پر تیز رفتاری، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی اور احتیاطی تدابیر پر عمل نہ کرنے کے باعث آئے روز حادثات رونما ہوتے رہتے ہیں، جن میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ایک سنگین مسئلہ بنتا جا رہا ہے شہریوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ انڈس ہائی وے پر ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے، رفتار پر مؤثر کنٹرول کیا جائے اور حادثات کی روک تھام کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ مستقبل میں ایسے افسوسناک واقعات سے بچا جاسکے۔

بقیہ 11

سعد احمد کے اقدام کو کلب سطح پر کھیلوں کے فروغ کے لیے خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے تعاون سے نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی ہوگی اور کھیلوں کے میدان دوبارہ آباد ہوں گے۔ تقریب کے اختتام پر بچوں نے نئے ٹریننگ کٹ کے ساتھ پریکٹس کا مظاہرہ کیا جسے شرکاء نے خوب سراہا، جبکہ راجہ اشفاق عباسی نے سعد احمد کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی کھیلوں کے فروغ کے لیے ایسے اقدامات جاری رہیں گے۔

بقیہ 12

نہیں کیا جاتا اور جب مبینہ طور پر مٹی یا ریت کچرے میں شامل کی جاتی ہے تو کیمرہ بند کر دیا جاتا ہے، تاہم حالیہ واقعے میں مبینہ طور پر ڈمپ سائٹ پر تعینات ایک ملازم نے کیمرہ بند کیے بغیر ہی یہ عمل جاری رکھا، جس کے باعث پوری کارروائی ریکارڈ ہوگئی اور بعد ازاں ویڈیوز عوامی ذرائع سے منظر عام پر آگئیں۔ اس معاملے پر صاف ستھرا پنجاب چوآ سیدن شاہ کے مقامی انچارج کو ویڈیوز اور تصاویر ارسال کر کے مؤقف طلب کیا گیا، تاہم خبر فائل ہونے تک انہوں نے خاموشی اختیار کیے رکھی اور کسی قسم کی وضاحت جاری نہیں کی، جبکہ اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ نے شکایت موصول ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے صرف "Noted" کا مختصر جواب دیا، لیکن تاحال کسی باقاعدہ انکوائری، وضاحت یا کارروائی کے بارے میں عوام کو آگاہ نہیں کیا گیا۔ عوامی و سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر تحقیقات میں یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ کچرے میں جان بوجھ کر مٹی، ریت اور پتھر شامل کیے جا رہے تھے تو یہ صرف ایک انتظامی بے ضابطگی نہیں بلکہ سرکاری نگرانی، شفافیت، احتساب اور سرکاری ریکارڈ کی درستگی سے متعلق بھی سنگین سوالات کو جنم دیتا ہے۔ شہری پوچھ رہے ہیں کہ قربانی کے جانوروں کی آلائشوں کا سیزن ختم ہونے کے باوجود اگر کچرے میں مبینہ طور پر مٹی، ریت اور پتھر شامل کیے جا رہے تھے تو اس کی ضرورت کیوں پیش آئی، یہ عمل کس کی ہدایت پر کیا جا رہا تھا اور اس سے کس مقصد کو حاصل کیا جا رہا تھا۔ عوام نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز، کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر چکوال، اسسٹنٹ کمشنر چوآ سیدن شاہ اور صاف ستھرا پنجاب کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ سامنے آنے والی ویڈیوز، سی سی ٹی وی ریکارڈ اور دیگر دستیاب شواہد کی بنیاد پر تحصیل چوآ سیدن شاہ میں صاف ستھرا پنجاب پروگرام کا مکمل انتظامی، مالی اور تکنیکی آڈٹ کرایا جائے، تمام حقائق بلا تاخیر عوام کے سامنے لائے جائیں، اور اگر کسی بھی سطح پر بے ضابطگی، اختیارات کے غلط استعمال، سرکاری ریکارڈ میں ردوبدل یا مالی بدعنوانی کی کوشش ثابت ہو تو ذمہ دار افسران اور اہلکاروں کے خلاف بلا امتیاز اور قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو اور صاف ستھرا پنجاب کا نعرہ صرف تشہیری مہم نہیں بلکہ عملی طور پر بھی شفاف، جوابدہ اور مؤثر منصوبہ ثابت ہو سکے۔

بقیہ 13

کشمور ایت کندھکوٹ میر الطاف خان کوسو بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ موجود تھے اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، ضلعی و تحصیل افسران میونسپل کمیٹی ٹاؤن کمیٹیوں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پی پی ایچ آئی ڈی ایریکیشن ورکس اینڈ سروسز بلڈنگز ہیلتھ ایجوکیشن سیپکو سوئی سدرن گیس ڈسٹرکٹ کونسل لوکل گورنمنٹ ریسکیو اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر آغا شیر زمان نے میونسپل کمیٹی ٹاؤن کمیٹیوں اور دیگر متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ مون سون بارشوں کے پیش نظر اپنی مشینری، عملے اور ضروری وسائل کو ہر وقت تیار رکھا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر کارروائی عمل میں لائی جاسکے ڈپٹی کمشنر آغا شیر زمان نے اجلاس میں تمام متعلقہ محکموں میونسپل کمیٹیوں ٹاؤن کمیٹیوں اور دیگر اداروں کو ہدایت کی کہ وہ آئندہ دو 02 دن کے اندر اپنا جامع کانٹینجنسی پلان ضلعی انتظامیہ کو جمع کرائیں، جس میں مون سون کے دوران ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے دستیاب مشینری، افرادی قوت وسائل رابطہ افسران ریسکیو و ریلیف اقدامات اور دیگر انتظامات کی مکمل تفصیلات شامل ہوں انہوں نے واضح کیا کہ تمام ادارے بروقت منصوبہ بندی مکمل کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مکمل رابطہ برقرار رکھیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر ردعمل دیا جاسکے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ غیر معمولی بارشوں کی صورت میں ریسکیو اور ریلیف کے تمام انتظامات پہلے سے مکمل رکھے جائیں، حساس مقامات کی مسلسل نگرانی کی جائے اور کسی بھی ناخوشگوار صورتحال میں فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو آگاہ کیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ اپنی کارکردگی کی روزانہ بنیاد پر رپورٹ بھی ضلعی انتظامیہ کو پیش کریں تاکہ مون سون سیزن کے دوران عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جاسکے اجلاس کے اختتام پر تمام متعلقہ اداروں نے مون سون ایمرجنسی پلان پر مکمل عملدرآمد اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 14

دوبارہ دفاتر کے چکر لگانے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے۔ واقعے کے بعد شہریوں نے بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر (ڈی پی او) ننکانہ سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لیا جائے، ذمہ دار اہلکاروں کا تعین کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور متاثرہ شہری کا ڈرائیونگ لائسنس بلا تاخیر درست کر کے جاری کیا جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سرکاری اداروں میں اس قسم کی غفلت کسی صورت قابل قبول نہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی اور کوالٹی کنٹرول کا نظام مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ عوام کو غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے

بقیہ 15

ہدایت کی کہ تھانوں میں آنے والے ہر شہری، خصوصاً خواتین، بزرگوں اور کمزور طبقات سے تعلق رکھنے والے سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی، احترام اور پیشہ ورانہ انداز میں پیش آیا جائے اور ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ، بروقت انصاف کی فراہمی اور امن وامان کا قیام اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ بہترین کارکردگی دکھانے والے اہلکاروں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جبکہ غفلت، ناقص کارکردگی یا شہریوں سے غیر مناسب رویہ اختیار کرنے والوں کے خلاف سخت محکمانہ کارروائی میں لائی جائے گی۔

بقیہ 16

سی ٹی او لاہور نے کہا کہ ون ویلنگ، تیز رفتاری اور اوور اسپیڈنگ کسی صورت برداشت نہیں۔

بقیہ 17

نے بتایا کہ شہید کے ایلخانہ کو ان کی پسند کے مطابق ملتان کی ایک نجی ہاؤسنگ سوسائٹی میں یہ گھر خرید کر دیا گیا ہے۔ حکومت پنجاب نے شہید کے ایلخانہ کے لیے گھر کی فراہمی کے لیے فنڈز جاری کیے۔ یاد رہے کہ شہید کانسٹیبل انس ستار نے 2024ء میں دورانِ ڈیوٹی کچہ کے علاقے میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے جام شہادت نوش کیا۔ شہید کانسٹیبل انس ستار کے ایلخانہ میں اہلیہ اور ایک بیٹا شامل ہیں۔ آئی جی پنجاب عبدالکریم نے شہید کانسٹیبل انس ستار کی لازوال قربانی کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل انس ستار نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب پولیس اپنے بہادر فرزند کی عظیم قربانی کو کبھی فراموش نہیں کرے گ

ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کا کوہسار یونیورسٹی کا دورہ

مختلف تعلیمی شعبہ جات، تدریسی سرگرمیوں، تحقیقی منصوبوں، انتظامی امور، طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا

کوہسار یونیورسٹی مری خطے میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور باصلاحیت نوجوانوں کی استعداد کار نکھارنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کوہسار یونیورسٹی مری کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے مختلف تعلیمی شعبہ جات، تدریسی سرگرمیوں، تحقیقی منصوبوں، انتظامی امور، طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور جاری ترقیاتی اقدامات کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر وائس چانسلر، رجسٹرار، فیکلٹی ممبران اور دیگر انتظامی افسران نے ڈپٹی کمشنر کا استقبال کیا اور انہیں یونیورسٹی کی مجموعی کارکردگی، تدریسی و تحقیقی سرگرمیوں، طلبہ کی فلاح و بہبود کے اقدامات، انفراسٹرکچر کی بہتری اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر آغا ظہیر عباس شیرازی نے مختلف شعبہ جات، کلاس رومز، لیبارٹریز، لائبریری اور دیگر سہولیات کا معائنہ (بقیہ نمبر 6)

سیکرٹری، چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ اپریل تا جون کی سہ ماہی کے دوران محکمے کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

تحصیل چوآسیدن شاہ کچرے میں مبینہ طور پر پہاڑی مٹی، ریت اور پتھر کی آمیزش؟

وزیر اعلیٰ پنجاب، کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر چکوال، اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ اور صاف ستھرا پنجاب کے اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں، عوام کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ ڈمپ سائٹ کی ویڈیوز نے سنگین سوالات کھڑے کر دیے، ذمہ داروں کے خلاف شفاف تحقیقات، باقاعدہ آڈٹ اور کارروائی کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآسیدن شاہ میں صاف ستھرا پنجاب کمپنی کی کارکردگی ایک مرتبہ پھر عوامی تنقید اور سوالات کی زد میں آ گئی ہے۔ عوامی ذرائع سے موصول ہونے والی ویڈیوز اور تصاویر میں مبینہ طور پر ڈمپ سائٹ پر کچرے کے ساتھ پہاڑی مٹی، ریت اور پتھر شامل کیے جاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ڈمپ سائٹ پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کے سامنے عموماً یہ عمل (بقیہ نمبر 12)

تحصیل چوآسیدن شاہ کچرے میں مبینہ طور پر پہاڑی مٹی ریت اور پتھر کی آمیزش کی جا رہی ہے

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کی تھانوں کے محررین سے ملاقات

شہریوں، خصوصاً خواتین اور بزرگوں سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سپرنٹنڈنٹ آف پولیس اسلام آباد قاضی علی رضا نے ضلع بھر کے تمام تھانوں کے محررین کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے شہریوں کو بہترین پولیسنگ اور بروقت انصاف کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں تھانوں کے محررین کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ ایس ایس پی آپریشنز نے (بقیہ نمبر 15)

سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب، وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور سینئر پارلیمنٹیرین طاہرہ اورنگزیب کے ہمراہ کمرشل مارکیٹ راولپنڈی کے دورہ کے موقع پر عوامی جلسے میں شریک ہیں

سوشل میڈیا سٹار اے بی بٹ ون ویلنگ کرتے ہوئے گرفتار

لاہور (این این آئی) ویلنگ کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر اپ لوڈ کرنے والے سوشل میڈیا سٹار اے بی بٹ کو ون ویلنگ کرتے ہوئے گرفتار کر لیا گیا۔ ٹریفک پولیس کے مطابق ملزم کو ڈیفنس بلیوارڈ سے گرفتار کیا گیا، گرفتار ون ویلر نے اپنے انسٹا اکاؤنٹ پر سیکڑوں ون ویلنگ اور ہلڑ بازی کی ویڈیوز اپ لوڈ کیں، پولیس کو انسٹا اکاؤنٹ و دیگر ڈیٹا فراہم کر دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر کا مرے کالج اور کامرس کالج کا دورہ

سیالکوٹ (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے تعلیمی اداروں میں صفائی ستھرائی، بہترین ماحول اور طلبہ کو سازگار تعلیمی سہولیات کی فراہمی کے وژن کے مطابق ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق نے گورنمنٹ مرے کالج سیالکوٹ اور گورنمنٹ کامرس کالج قلعہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے دونوں کالجز میں واش رومز، کلاس رومز، لائبریری، گراؤنڈز اور دیگر سہولیات کا معائنہ کیا اور صفائی ستھرائی، نظم و ضبط اور مجموعی انتظامی امور کا جائزہ لیا۔

بارش کے بعد نیو لالہ زار تالاب میں تبدیل، شہری مشکلات کا شکار

گھروں کے باہر کئی کئی فٹ پانی جمع ہونے سے پیدل چلنا دشوار ہو گیا

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گزشتہ روز شدید بارش کے بعد نیو لالہ زار (فوجی فاؤنڈیشن) میں نکاسی آب کا ناقص نظام ایک بار پھر سامنے آ گیا۔ متعدد سڑکیں اور گلیاں پانی میں ڈوب گئیں جس کے باعث شہریوں کو آمد و رفت میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ علاقہ مکینوں کے مطابق گھروں کے باہر کئی کئی فٹ پانی جمع ہونے سے پیدل چلنا دشوار ہو (بقیہ نمبر 8)

پاکستان سمیت دنیا بھر میں چاند کا عالمی دن منایا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں چاند کا عالمی دن منایا گیا۔ یہ دن 1969 میں اپالو الیون مشن کے دوران پہلی مرتبہ انسان کی چاند پر کامیابی کے ساتھ اترنے کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 2021 میں خلائی تحقیق کے پرامن استعمال سے متعلق قرارداد کے تحت 20 جولائی کو عالمی یوم چاند قرار دیا تھا۔ اس دن دنیا بھر کے ممالک کی جانب سے چاند کی تحقیق اور دریافت کے میدان میں حاصل کی گئی کامیابیوں (بقیہ نمبر 27)

کہوٹہ میں پراسرار واقعہ، خاتون جاں بحق

ایک شخص تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل، تحقیقات کا آغاز

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تحصیل کہوٹہ میں پیش آنے والے ایک پراسرار واقعے میں ایک خاتون جاں بحق جبکہ ایک مرد کی حالت غیر ہونے پر اسے فوری طور پر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور متاثرہ شخص کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق جاں بحق خاتون کی موت بظاہر گلا گھٹنے کے باعث ہوئی، تاہم واقعے کی اصل وجوہات تاحال سامنے نہیں آ سکیں۔ واقعے کے بعد متعلقہ (بقیہ نمبر 9)

ساہیوال، ہڑپہ پٹوار خانہ میں ریکارڈ چیکنگ چھاپہ

ساہیوال (این این آئی) کونسل موڑ ہڑپہ پٹوار خانہ میں ریکارڈ چیکنگ کے لیے مال آفیسر محمد اویس عالم نے چھاپہ مار کر ریکارڈ میں ٹمپرنگ کرتے ہوئے پٹواری کے منشی سعید احمد کو پکڑ لیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ کلکٹر کو شکایات مل رہی تھیں کہ پٹوار خانوں میں پرانے ریکارڈ میں ٹمپرنگ کا سلسلہ ہوتا ہے اور بھاری رقوم رشوت لیکر یہ دھندہ عروج پر ہے ڈسٹرکٹ کلکٹر کے حکم پر مال آفیسر نے چھاپہ مارا اور منشی سعید احمد کو ریکارڈ میں ردو بدل (بقیہ نمبر 30)

ڈی جی سیف سٹی محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت اہم اجلاس

اسلام آباد پولیس کے ٹیلی کیونیکیشن نظام کی اپ گریڈیشن کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل سیف سٹی اڈی آئی جی ٹریفک اسلام آباد محمد ہارون جوئیہ کی زیر صدارت سیف سٹی ہیڈ کوارٹرز میں اسلام آباد پولیس کے ٹیلی کیونیکیشن نظام کی اپ گریڈیشن اور جدید خطوط پر استوار کرنے سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں جدید مواصلاتی نظام کے نفاذ اور رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے کے مختلف (بقیہ نمبر 28)

ڈکیتی اور راہزنی میں ملوث خطرناک گروہ کے دو ملزمان گرفتار

چھینی گئی نقدی، موبائل فونز اور اسلحہ برآمد، دوران تفتیش متعدد وارداتوں کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے ڈکیتی اور راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث خطرناک گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے چھینی گئی نقدی، قیمتی موبائل فونز اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کیا، جن کے خلاف مختلف مقدمات درج تھے۔ ابتدائی تفتیش کے دوران ملزمان نے متعدد وارداتوں میں ملوث (بقیہ نمبر 29)

پنجاب پولیس اپنے شہداء کے اہلخانہ کو چھت کی فراہمی کیلئے پرعزم

شہید کانسٹیبل انس ستار کے اہلخانہ کو ایک کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر فراہم کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پولیس اپنے شہداء کے اہلخانہ کو رہائش کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ فرض کی راہ میں شہادت پانے والے ایک اور شہید کانسٹیبل انس ستار کے اہلخانہ کو ایک کروڑ 35 لاکھ روپے مالیت کا گھر فراہم کر دیا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس (بقیہ نمبر 17)

ڈپٹی کمشنر چوآسیدن شاہ کی کچرے میں مبینہ طور پر پہاڑی مٹی، ریت اور پتھر کی آمیزش

وزیر اعلیٰ پنجاب، کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر چکوال، اسسٹنٹ کمشنر چوآسیدن شاہ اور صاف ستھرا پنجاب کے اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں، عوام کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ ڈمپ سائٹ کی ویڈیوز نے سنگین سوالات کھڑے کر دیے، ذمہ داروں کے خلاف شفاف تحقیقات، باقاعدہ آڈٹ اور کارروائی کا مطالبہ

چوآسیدن شاہ (خاور شہزاد) چوآسیدن شاہ میں صاف ستھرا پنجاب کمپنی کی کارکردگی ایک مرتبہ پھر عوامی تنقید اور سوالات کی زد میں آ گئی ہے۔ عوامی ذرائع سے موصول ہونے والی ویڈیوز اور تصاویر میں مبینہ طور پر ڈمپ سائٹ پر کچرے کے ساتھ پہاڑی مٹی، ریت اور پتھر شامل کیے جاتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ڈمپ سائٹ پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں کے سامنے عموماً یہ عمل (بقیہ نمبر 12)

آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت سکیورٹی اور کرائم سے متعلق اجلاس

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی مزید مؤثر بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں وفاقی دارالحکومت کی امن و امان کی صورتحال، سکیورٹی، جرائم کی روک تھام، ٹریفک مینجمنٹ اور عوامی خدمت سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں تمام ڈی (بقیہ نمبر 19)

انسپکٹر جنرل آف پولیس (آئی جی پی) اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز محمد عتیق طاہر، ڈی جی سیف سٹی محمد ہارون جویا، ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جاوید طارق، ڈی آئی جی سکیورٹی رانا عمر فاروق اور دیگر اعلیٰ پولیس افسران نے شرکت کی

"نورین نیازی کے پاکستان مخالف بیان کی شدید مذمت

راولپنڈی (سی ایم لنکس) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے اطلاعات و نشریات بیرسٹر دانیال چوہدری نے نورین نیازی کے پاکستان مخالف بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے ناقابل قبول، ناقابل معافی اور قومی مفادات کے منافی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نورین نیازی اپنے بھائی کی سیاست کے لیے معرکہ حق پر سوالات اٹھا رہی ہیں (بقیہ نمبر 18)

کندھ کوٹ کے قریب انڈس ہائی وے پر المناک ٹریفک حادثہ

مزدا اور موٹر سائیکل میں خوفناک تصادم، نوجوان جاں بحق، دو افراد شدید زخمی

ایک کو تشویشناک حالت میں سکھر منتقل کر دیا گیا، ابتدائی تحقیقات جاری

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ): کندھ کوٹ کے نواحی علاقے میں انڈس ہائی وے پر پیش آنے والے ایک افسوسناک ٹریفک حادثے میں ایک نوجوان جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ ڈیرہ سرکی پولیس تھانے کی حدود میں ٹھل۔ کندھ کوٹ روڈ پر واقع سوکڑ اسٹاپ کے قریب اس وقت پیش آیا جب ایک تیز رفتار مزدا گاڑی اور موٹر سائیکل کے درمیان خوفناک تصادم ہو گیا، ذرائع کے مطابق حادثہ اس قدر شدید تھا کہ موٹر سائیکل سوار جاوید ولد امداد کھوسو جو کندھ کوٹ کا رہائشی تھا موقع پر ہی دم توڑ گیا جبکہ اس کے ساتھ موجود شہباز شیخ اور حیدر شیخ شدید زخمی ہو گئے حادثے کے بعد جائے وقوعہ پر لوگوں کی بڑی تعداد جمع ہو گئی اور امدادی سرگرمیاں فوری طور پر شروع کر دی گئیں اطلاع ملتے ہی ڈیرہ سرکی پولیس (بقیہ نمبر 10)

مون سون کے دوران تمام متعلقہ ادارے الرٹ رہیں ڈپٹی کمشنر کشمور

مون سون بارشوں کے پیش نظر اپنی مشینری، عملے اور ضروری وسائل کو ہر وقت تیار رکھا جائے، متعلقہ اداروں کو ہدایت

غیر معمولی بارشوں کی صورت میں ریسکیو اور ریلیف کے تمام انتظامات پہلے سے مکمل رکھے جائیں، آغا شیر زمان

راولپنڈی: حیگالہ اسمبلی حلقے کے امیدوار ڈاکٹر عرفان اشرف نے مسلم کانفرنس ویمن ونگ کی مرکزی چیئرپرسن اور اسمبلی کی سابق امیدوار محترمہ سامیہ ساجد سے ملاقات کی

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) مون سون کے دوران عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام متعلقہ ادارے الرٹ رہیں ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان کندھ کوٹ ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ آغا شیر زمان کی زیر صدارت مون سون 2026 کی تیاریوں اور قبل از وقت حفاظتی اقدامات کے حوالے سے ایک اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا اجلاس میں چیئرمین ضلع کونسل کشمور ایٹ کندھ کوٹ میر گل محمد خان جکھرانی اور وائس چیئرمین ضلع کونسل (بقیہ نمبر 13)

گندم ذخیرہ کرنے والے جدید سائلوز کے قیام کے منصوبہ کا آغاز

کسان گندم محفوظ طریقے سے ذخیرہ اور بہتر منافع حاصل کر سکیں گے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے صوبے بھر میں گندم کے جدید گودام قائم کرنے کیلئے سرکاری و نجی شراکت داری کے تحت 20 ارب روپے کے منصوبے کا آغاز کیا ہے۔ منصوبے کے تحت ہر سال گندم کی کٹائی کے بعد تقریباً 30 لاکھ میٹرک ٹن گندم (بقیہ نمبر 32)

مال گاڑیوں کی ڈی ریلمنٹ، گرین لائن سمیت 8 مسافر ٹرینیں منسوخ

لاہور (این این آئی) ساہیوال کے یوسف والا اور سکھر ڈویژن میں مال بردار ٹرینوں کے پٹڑی سے اترنے (ڈی ریلمنٹ) کے باعث پاکستان ریلوے بروقت مین لائن کلیئر نہ کر سکا، جس کے نتیجے میں آٹھ مسافر ٹرینیں منسوخ کر دی گئیں اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ پاکستان ریلوے کے مطابق ہفتہ اور اتوار کو مختلف مقامات پر مال بردار ٹرینوں کی بوگیاں پٹڑی سے اترنے کے باعث لاہور، فیصل آباد سے کراچی اور کوئٹہ (بقیہ نمبر 31)

ریلوے کے دو افسران کے تقرر و تبادلے

ڈی جی ٹیکنیکل فرید احمد چیف انجینئر ایس اینڈ سی، مقصود احمد جان ڈی جی آپریشنز تعینات

لاہور (این این آئی) وزارت ریلوے نے دو افسران کے تقرر و تبادلے جبکہ ایک افسر کو عہدے کا اضافی چارج سونپ دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈائریکٹر جنرل ٹیکنیکل وزارت ریلوے فرید احمد کو چیف انجینئر ایس اینڈ سی ریلوے ہیڈ کوارٹر لاہور، وزارت ریلوے ریسرچ میں تعینات مقصود احمد جان کو ڈائریکٹر جنرل آپریشنز وزارت ریلوے جبکہ وزارت ریلوے میں ڈائریکٹر سول عارف الرحمٰن کو ڈائریکٹر جنرل ٹیکنیکل کا اضافی چارج سونپ دیا گیا۔

اسلام آباد: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان میں برطانیہ کی ہائی کمشنر مس جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

پٹرول و ڈیزل کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کیلئے چیکنگ کا عمل جاری

نارووال (این این آئی) ڈپٹی کمشنر نارووال محمد طیب خان کی ہدایات پر ضلع بھر میں پرائس مجسٹریٹس کی ٹیمیں متحرک ہیں اور پٹرول پمپوں پر پٹرول اور ڈیزل کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ چیکنگ اور اسٹاک کی ویریفکیشن کا عمل جاری ہے۔ پرائس مجسٹریٹس مختلف پٹرول پمپوں کا دورہ کر کے دستیاب اسٹاک، سپلائی کی صورتحال اور عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں تاکہ کسی بھی ممکنہ قلت یا غیر (بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد ٹائیگر کرکٹ کلب کی جانب سے بچوں کو ٹریننگ کٹ کا تحفہ

بچوں کی کرکٹ کوچنگ کے لیے ٹریننگ کٹ اور کھیلوں کا سامان تحفے میں پیش کیا

راولپنڈی (عبدالرحمان) اسلام آباد ٹائیگر کرکٹ کلب کے سی ای او سعد احمد نے الیون سٹار کرکٹ کلب راولپنڈی کے جامع گراؤنڈ میں بچوں کی کرکٹ کوچنگ کے لیے ٹریننگ کٹ اور کھیلوں کا سامان تحفے میں پیش کیا۔ اس موقع پر الیون سٹار کرکٹ کلب کے سرپرست راجہ اورنگزیب، صدر واگیز یکٹو ممبر کرکٹ ایسوسی ایشن راجہ اشفاق عباسی، وسیم اشرف عباسی سمیت دیگر عہدیداران اور نوجوان کھلاڑی موجود تھے۔ کلب عہدیداران نے (بقیہ نمبر 11)

لاہور جو بائی دارالحکومت میں موسلا دھار بارش کے دوران شہری اپنی منزل کی جانب گامزن ہیں

اسلام آباد پولیس کا کرک ڈاؤن، 34 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

منشیات، اسلحہ برآمد، اشتہاری اور عدالتی مفرور کو بھی گرفتار کر لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم کے انسداد کے لیے جاری کریک ڈاؤن کے دوران سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروروں، اشتہاریوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر سمیت 34 ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ ان کے قبضے سے منشیات، اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس سید علی ناصر رضوی کی ہدایات پر مختلف تھانوں کی پولیس ٹیموں نے کارروائیوں کے دوران منشیات فروشی اور (بقیہ نمبر 25)

لاہور رنگ روڈ کے قریب مزدا ٹرک الٹنے سے 2 افراد جاں بحق

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک حادثے میں 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق رنگ روڈ کے قریب تیز رفتار مزدا ٹرک فٹ پاتھ سے ٹکرا کر الٹ گیا جس کے نتیجے میں دو افراد موقع پر ہی دم توڑ گئے جب کہ دو زخمی ہو گئے۔ دوسری جانب حکام کا کہنا تھا کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی شناخت 40 سالہ رفیق اور 30 سالہ اعجاز کے نام سے ہوئی ہے جبکہ زخمی ہونے والوں میں 18 سالہ وسیم اور 19 سالہ سالک حمزہ شامل ہیں۔ علاوہ ازیں ریسکیو (بقیہ نمبر 22)

نورین نیازی کا بیان پاکستان کی ریڈ لائن کو عبور کرنا ہے

بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نے ہمیشہ پاکستان مخالف بیانیہ بنایا ہے، چیئرمین اختر اقبال ڈار

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی کے بھارتی نواز بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس بیان کے ذریعے پاکستان کی ریڈ لائن کو عبور کیا گیا ہے، بھارت کی تعریفیں اور یہ کہنا کہ مودی پاکستان کو دو منٹ میں فکس کر سکتا ہے انتہائی شرمناک اور دل دکھانے والا بیان ہے۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق کی تضحیک کرتے ہوئے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں نے (بقیہ نمبر 21)

وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین کا بارش کے بعد لکشمی چوک کا دورہ

واسا کی جدید مشینری کو نشیبی علاقوں اور اہم مقامات پر آپریشنل کیا جائے

لاہور (این این آئی) وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین کا بارش کے بعد لکشمی چوک کا دورہ کیا اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ ایم ڈی واسا غفران احمد نے بارش کے پانی کی نکاسی اور دیگر انتظامات بارے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر بلال یاسین نے مون سون سیزن کے دوران نکاسی آب کے عمل کو بروقت اور موثر بنانے کی ہدایات جاری کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بارش کے دوران نکاسی آب کے ساتھ ساتھ شہریوں کو آمد و رفت میں درپیش مشکلات کو بھی مدنظر رکھا جائے۔

چکوال، ڈھوک پروانہ میں 55 سالہ شخص کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا

چکوال (این این آئی) تھانہ نیلہ کے علاقے ڈھوک پروانہ میں 55 سالہ شخص کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ مقتول کی شناخت 55 سالہ خالد تنویر ولد محمد دین سکنہ موضع نیلہ کے نام سے ہوئی۔ نامعلوم ملزمان خالد تنویر کو گولیاں مارنے کے بعد لاش ڈھوک پروانہ کے قریب سوج کے کنارے پھینک کر فرار ہو گئے۔ تھانہ نیلہ پولیس اور کرائم سین یونٹ شواہد اکٹھے کرنے کے لیے موقع پر پہنچ گئے۔

شاہکوٹ میں ٹریفک لائسنسنگ برانچ میں غفلت کا حیران کن واقعہ

شاہکوٹ ڈرائیونگ لائسنس پر شہری کی تصویر کے بجائے پنکھے کی تصویر پرنٹ، ٹریفک لائسنسنگ برانچ کی مبینہ غفلت

مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر نگرانی اور کوالٹی کنٹرول کا نظام مزید مضبوط بنایا جائے

شاہکوٹ (میاں داؤد) شاہکوٹ میں ٹریفک لائسنسنگ برانچ کی مبینہ غفلت کا ایک حیران کن واقعہ سامنے آیا ہے، جہاں ایک شہری کے ڈرائیونگ لائسنس پر اس کی اصل تصویر کے بجائے پنکھے کی تصویر پرنٹ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ متاثرہ شہری نے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس نوعیت کی غفلت نہ صرف شہریوں کے قیمتی وقت اور وسائل کا ضیاع ہے بلکہ متعلقہ ادارے کی کارکردگی اور نظام پر بھی سنگین سوالات کھڑے کرتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ درستگی کے لیے انہیں (بقیہ نمبر 14)

موسلا دھار بارش، حادثات میں ایک شخص جاں بحق

کرنٹ لگنے سے نوجوان جاں بحق، نین سکھ میں دیوار گرنے سے سات افراد زخمی

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں موسلا دھار بارش کے باعث موسم خوشگوار ہو گیا، بارش کے باعث حادثات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 7 زخمی ہو گئے، کئی علاقوں میں بجلی کا ترسیلی نظام متاثر ہونے سے گھنٹوں بجلی بند رہی، بارش کے باعث نشیبی علاقوں میں پانی کھڑا ہو گیا جبکہ شاہراہوں پر ٹریفک سست روی کا شکار رہی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز صوبائی دارالحکومت لاہور میں ہونے والی موسلا دھار بارش سے گرمی اور حبس کا زور ٹوٹ گیا۔ لاہور ہائیکورٹ، مال روڈ اور گردونواح میں تیز بارش ہوئی جس سے متعدد نشیبی علاقوں میں پانی جمع ہو گیا۔ گلشن راوی میں سب سے زیادہ 42.2 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

اٹک، مون سون بارشوں سے نمٹنے کے لیے ضلعی ایمرجنسی بورڈ کا اجلاس

نالوں کی صفائی، نکاسی آب اور ہنگامی رسپانس یقینی بنانے کا فیصلہ

اٹک (این این آئی) ڈپٹی کمشنر اٹک ڈاکٹر مدثر احمد شاہ کی زیر صدارت ضلعی ایمرجنسی بورڈ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں مون سون بارشوں کے ممکنہ اثرات، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے انتظامات اور متعلقہ محکموں کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں ضلعی ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر میاں محمد اشفاق، چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر اسد اسماعیل، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مون سون کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام ادارے الرٹ ہیں۔

چہلم حضرت امام حسینؓ کے انتظامات، ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

اٹک میں چہلم کے موقع پر فول پروف سکیورٹی اور بہترین انتظامات کا فیصلہ

اٹک (این این آئی) چہلم حضرت امام حسینؓ اور دیگر شہدائے کربلا کے سلسلے میں ضلعی امن کمیٹی کا اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر اٹک ڈاکٹر مدثر احمد شاہ کی زیر صدارت ڈی سی آفس اٹک میں منعقد ہوا، جس میں سکیورٹی، صفائی، ٹریفک، بجلی، نکاسی آب اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اجلاس میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سردار موار ہن خان، اراکین ضلعی امن کمیٹی، بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی اور متعلقہ محکموں کے افسران نے (بقیہ نمبر 26)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

نیشنل پریس کلب کا خاتون صحافی ہراسگی کیس کے فیصلے کا خیر مقدم

خواتین صحافیوں کے تحفظ کے لیے مزید مؤثر اقدامات کا مطالبہ، کام کی جگہ پر ہراسگی کسی صورت برداشت نہیں کی جا سکتی، نیشنل پریس کلب

نیشنل پریس کلب صحافیوں، خصوصاً خواتین صحافیوں کے وقار، تحفظ اور پیشہ ورانہ حقوق کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پریس کلب اسلام آباد نے وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت کی جانب سے خاتون صحافی صنم جونیجو کی ہراسگی شکایت پر سنائے گئے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خواتین کے تحفظ، انصاف کی فراہمی اور قانون کی بالادستی کے لیے اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل پریس کلب کے صدر عبدالرزاق سیال اور سیکرٹری ڈاکٹر فرقان رانا نے اپنے (بقیہ نمبر 20)

لاہور کی کینٹ کچہری کے بخشی خانے سے 4 ملزمان فرار

فرار ہونے والے ملزمان کو کیمپ جیل سے عدالت میں پیشی کے لیے لایا گیا تھا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کی کینٹ کچہری کے بخشی خانے سے 4 ملزمان فرار ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فرار ہونے والے ملزمان کو کیمپ جیل سے عدالت میں پیشی کے لیے لایا گیا تھا، ملزمان بخشی خانے کی گرل توڑ کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ دوسری جانب پولیس کا کہنا تھا کہ فرار ہونے والے دو ملزمان کی شناخت ہو گئی ہے جن (بقیہ نمبر 23)

کندھ کوٹ میں JST کے 40 سے زائد نمبر حاصل کر